المكتب التعاوني للدعوة وتوعية الجاليات بالربوة

حصن المسلم

من أذكار الكتاب والسنة

باللغة الأردية

تأليف سعيد بن علي بن وهف القحطاني

1425هـ

[393]

ترجمة: عبد السلام بن محمد

مراجعة: أبو المكرم عبدالجليل- فضل إلهي

لجنة الدعوة والتعليم بالمدينة

محمد رقيب الدين -سميع الله

مشتاق أحمد كريمي

ⓒ سعيد بن علي بن وهف القحطاني، ١٤٢٤هـ

فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية أثناء النشر

القحطاني ، سعيد بن علي بن وهف

حصن المسلم من أذكار الكتاب والسنة-اردو./ سعيد ابن علي بن وهف القحطاني.-ط٣.- الرياض، ١٤٢٤هـ

٢٥٦ ص ؛ ٨,٥×١٢ سم

ردمك: ٢ - ٧٤٤ - ١٠ - ٩٩٦٠

١- الأدعية والأوراد ٢- القرآن أ- العنوان

ديوي ٢١٢,٩٣ ١٤٢٤/٤٨٢٤

رقم الإيداع : ١٤٢٤/٤٨٢٤

ردمك: ٢ - ٧٤٤ - ١٠ - ٩٩٦٠

الطبعة الثالثة

شعبان ١٤٢٤هـ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابتدائیہ

حصن المسلم من ازکار الکتاب والسنۃ ایک مختصر اور جامع مجموعہ ہے جس میں مولف نے پوری نماز' ضروری ازکار اور دعائیں جمع کردی ہیں ہر دعا باحوالہ نقل کی ہے اور احادیث کی صحت کا خاص خیال رکھا ہے بخاری اور مسلم کی احادیث کی صحت پر تو امت کا اتفاق ہے دوسری کتب سے وہی احادیث نقل کی ہیں جنہیں کسی مشہور محدث نے صحیح قرار دیا ہے اس سلسلے میں انہوں نے دوسرے محدثین کے علاوہ شیخ ناصر الدین البانی کی تصانیف کو خاص طور پر پیش نظر رکھا ہے۔ صحیح

ابوداؤد، صحیح الترمذی ، صحیح النسائی اور صحیح ابن ماجہ
سے مراد شیخ کی ان کتابوں سے جمع کئے ہوئے صحیح
احادیث کے مجموعے ہیں اسی طرح صحیح الجامع سے
مراد شیخ البانی حفظہ اللہ کا صحیح احادیث کا مجموعہ ہے
جو انہوں نے الجامع الصغیر سے علیحدہ کیا ہے۔

حسن ترتیب جامعیت اور صحت کی وجہ سے
اس مجموعہ کو قبول عام حاصل ہوا ہے مرکز الدعوۃ
والارشاد کے تحت پاکستان افغانستان مقبوضہ و آزاد کشمیر
کے تمام مراکز و معسکرات میں تربیت حاصل کرنے
والے اور جہاد میں مصروف نوجوان اس مجموعہ سے
دعائیں یاد کرتے اور اپنے رب سے مناجات کرتے
ہیں جامعۃ الدعوۃ الاسلامیۃ مریدکے کے تمام

شعبوں میں یہ کتاب یاد کرائی جاتی ہے۔

مگر مطبوعہ کتاب میں اعراب نہ ہونے کی وجہ سے دعاؤں کو صحیح یاد کرنا مشکل تھا اور دعاؤں کا ترجمہ بھی ضروری ہے اس لئے میں نے تمام دعاؤں پر اعراب لگادیئے ہیں اور اردو میں ان کا ترجمہ کردیا ہے۔ مصنف نے کتاب کے شروع میں ذکر کی فضیلت پر مشتمل چند آیات و احادیث نقل فرمائی تھیں میں نے ان سب آیات و احادیث کا ترجمہ کردیا ہے اور اعراب لگا کر اصل آیات و احادیث بھی درج کردی ہیں تاکہ اگر کوئی بھائی ذکر کی فضیلت پر بیان کرنا چاہے تو اسے ایک مختصر مگر جامع مضمون حفظ کرنے میں آسانی ہو۔

اللہ تعالٰی اسے میرے لئے اور تمام بھائیوں کے لئے نافع بنائے۔

عبدالسلام بن محمد
جامعة الدعوة الاسلامية
مرکز طیبہ مریدکے

ذکر کی فضیلت

قال اللہ تعالیٰ: ﴿فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ﴾

اللہ تعالیٰ نے فرمایا (تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا اور میرا شکر کرو اور مجھ سے کفر نہ کرو)۔

بقرہ آیت ۱۵۲

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا﴾

(اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کو یاد کرو بہت یاد کرنا) (الاحزاب آیت نمبر ۴۱)

﴿وَالذَّاكِرِيْنَ اللهَ كَثِيْراً وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللهُ لَهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيْماً﴾

اور وہ مرد جو اللہ کو بہت یاد کرنے والے ہیں اور یاد کرنے والی عورتیں اللہ نے ان کے لئے بخشش اور بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے۔ (احزاب ۳۵)

﴿وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعاً وَخِيْفَةً وَدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَكُنْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ﴾

(اور اپنے رب کو عاجزی اور خوف سے اپنے دل میں بلند آواز کے بغیر صبح و شام یاد کر اور غافلوں سے نہ ہو۔ (اعراف : ۲۰۵)

وقال ﷺ : «مَثَلُ الَّذِيْ يَذْكُرُ رَبَّهُ وَالَّذِيْ لَا يَذْكُرُ رَبَّهُ مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ»

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کی مثال جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور جو اپنے رب کو یاد نہیں کرتا زندہ اور مردہ کی طرح ہے -

(بخاری مع الفتح ۲۰۸/۱۱)

وقال ﷺ : «أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرِ أَعْمَالِكُمْ، وَأَزْكَاهَا عِنْدَ مَلِيْكِكُمْ، وَأَرْفَعِهَا فِيْ دَرَجَاتِكُمْ، وَخَيْرٍ لَكُمْ مِنْ إِنْفَاقِ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ، وَخَيْرٍ لَكُمْ مِنْ أَنْ تَلْقَوْا

عَدُوَّكُمْ فَتَضْرِبُوا أَعْنَاقَهُمْ وَيَضْرِبُوا أَعْنَاقَكُمْ؟ » قَالُوا بَلَى. قَالَ: «ذِكْرُ اللهِ تعالى»

اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں وہ عمل نہ بتاؤں جو تمہارے سب اعمال سے بہتر، تمہارے درجات میں سب سے بلند اور تمہارے سونا چاندی خرچ کرنے سے بہتر ہے اور تمہارے لئے اس سے بھی بہتر ہے کہ تم اپنے دشمنوں سے ملو تم ان کی گردنیں اتارو اور وہ تمہاری اتاریں۔ صحابہ نے عرض کیا کیوں نہیں! آپ نے فرمایا اللہ تعالی کو یاد کرنا ترمذی ۴۵۹/۵ ابن ماجہ ۱۲۴۵/۲ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/ ۳۱۶ اور صحیح الترمذی ۳/ ۱۳۹

وقال ﷺ : «يَقُوْلُ اللّٰهُ تعالى :
أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ، وَأَنَا مَعَهُ إِذَا ذَكَرَنِيْ، فَإِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِيْ نَفْسِيْ، وَإِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ مَلَأٍ ذَكَرْتُهُ فِيْ مَلَأٍ خَيْرٍ مِنْهُمْ، وَإِنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ ذِرَاعًا وَإِنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ بَاعًا، وَإِنْ أَتَانِيْ يَمْشِيْ أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً»

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوں جو وہ میرے ساتھ رکھتا ہے اور جب وہ مجھے یاد کرے تو میں اس کے ساتھ ہوں اگر وہ مجھے اپنے

نفس میں یاد کرے تو میں اسے اپنے نفس میں یاد کرتا ہوں اور اگر وہ کسی جماعت میں مجھے یاد کرے تو میں اسے ایسی جماعت میں یاد کرتا ہوں جو اس سے بہتر ہے اور اگر وہ ایک بالشت میرے قریب آئے تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب آتا ہوں اور اگر وہ ایک ہاتھ میرے قریب آئے تو میں میں دونوں ہاتھ پھیلانے کے برابر اس کے قریب آتا ہوں اور اگر وہ چل کر میرے پاس آئے تو میں دوڑ کر اس کے پاس آتا ہوں -- بخاری ۸/۱۷۱ مسلم ۴/۲۰۶۱ اور لفظ بخاری کے ہیں۔

وَعَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ بُسْرٍ رضي الله عنه أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَارَسُولَ اللهِ إِنَّ شَرَائِعَ الْإِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ فَأَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ أَتَشَبَّثُ بِهِ.

قَالَ: «لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْباً مِنْ ذِكْرِ اللهِ»

اور عبداللہ بن بسر فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے کہا یا رسول اللہ مجھ پر اسلام کے احکام بہت زیادہ ہو گئے ہیں آپ مجھے کوئی ایک چیز بتائیں جو میں مضبوطی سے پکڑ لوں آپ نے فرمایا تیری زبان ہمیشہ اللہ کی یاد سے تر رہے۔ ترمذی ۴۵۸/۵ ابن ماجہ ۱۲۴۶/۲ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱۳۹/۳ اور صحیح ابن ماجہ ۳۱۷/۲

وَقَالَ ﷺ: «مَنْ قَرَأَ حَرْفاً مِنْ كِتَابِ اللهِ فَلَهُ بِهِ حَسَنَةٌ. وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، لَا أَقُولُ: ﴿الٓمٓ﴾ حَرْفٌ؛ وَلَكِنْ: أَلِفٌ حَرْفٌ، وَلَامٌ حَرْفٌ،

وَمِيْمٌ حَرْفٌ»

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی کتاب میں سے ایک حرف پڑھے اس کے لئے اس کے بدلے ایک نیکی ہے اور ہر نیکی اپنے جیسی دس نیکیوں کے ساتھ ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ الم ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف ہے لام ایک حرف ہے اور میم ایک حرف ہے۔ ترمذی ۱۷۵/۵ اور دیکھیے صحیح الجامع الصغیر ۳۴۰/۵

وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضي الله عنه قال: خَرَجَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَنَحْنُ فِي الصُّفَّةِ فقالَ: «أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنْ يَغْدُوَ كُلَّ يَوْمٍ إِلَى بُطْحَانَ أَوْ

إِلَى الْعَقِيقِ فَيَأْتِيَ مِنْهُ بِنَاقَتَيْنِ كَوْمَاوَيْنِ فِيْ غَيْرِ إِثْمٍ وَلَا قَطِيْعَةِ رَحِمٍ؟ فَقُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللهِ نُحِبُّ ذٰلِكَ. قَالَ: «أَفَلَا يَغْدُوْ أَحَدُكُمْ إِلَى الْمَسْجِدِ فَيُعَلِّمُ، أَوْ يَقْرَأُ آيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ خَيْرٌ لَهُ مِنْ نَاقَتَيْنِ، وَثَلَاثٌ خَيْرٌ لَهُ مِنْ ثَلَاثٍ، وَأَرْبَعٌ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَرْبَعٍ، وَمِنْ أَعْدَادِهِنَّ مِنَ الْإِبِلِ» .

عقبہ بن عامر فرماتے ہیں ہم صفہ میں تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (گھر سے) نکلے فرمایا " تم میں سے کون ہے جسے یہ پسند ہو کہ ہر روز بطحان یا عقیق کی طرف جائے اور وہاں سے بڑی بڑی کوہانوں والی دو اونٹنیاں لے کر آئے اور اسے اس میں نہ کوئی گناہ

لازم ہو نہ قطع رحمی" ہم نے کہا یا رسول اللہ ہم (سب) یہ پسند کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میں سے کوئی مسجد کو نہیں جاتا کہ اللہ کی کتاب کی دو آیتیں سکھائے یا پڑھے یہ اس کے لئے دو اونٹنیوں سے بہتر ہیں تین آیتیں ہوں تو تین اونٹنیوں سے بہتر ہیں اور چار ہوں تو چار سے اور (اسی طرح) اپنی گنتی کے اونٹوں سے۔ (مسلم ۱/۵۵۳)

وقال ﷺ: «مَنْ قَعَدَ مَقْعَداً لَمْ يَذْكُرِ اللهَ فِيهِ كَانَتْ عَلَيْهِ مِنَ اللهِ تِرَةٌ، وَمَنِ اضْطَجَعَ مَضْجَعاً لَمْ يَذْكُرِ اللهَ فِيهِ كَانَتْ عَلَيْهِ مِنَ اللهِ تِرَةٌ»

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص

کسی ایسی جگہ بیٹھا جس میں اس نے اللہ کو یاد نہ کیا
تو وہ اللہ کی طرف سے اس پر نقصان کا باعث ہوگی او
جو شخص کسی جگہ لیٹا جس میں اس نے اللہ کو یاد نہ
کیا تو وہ اس پر اللہ کی طرف سے نقصان کا باعث
ہوگی۔ ابوداؤد ۴/ ۲۶۴ وغیرہ اور دیکھئے صحیح الجامع ۵/ ۳۴۲

وقال ﷺ: «مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِساً لَمْ يَذْكُرُوا اللهَ فِيهِ، وَلَمْ يُصَلُّوا عَلَىٰ نَبِيِّهِمْ إِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً فَإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ»

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی قوم ایسی
مجلس میں نہیں بیٹھی جس میں انہوں نے اللہ کو یاد نہ
کیا اور اپنے نبی پر صلوۃ نہ پڑھی ہو مگر ان پر نقصان

کا باعث ہوگی پھر اگر چاہے تو انہیں عذاب دے اور اگر چاہے تو انہیں بخش دے۔ ترمذی اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱۴۰/۳

وَقَالَ ﷺ: «مَا مِنْ قَوْمٍ يَقُوْمُوْنَ مِنْ مَجْلِسٍ لَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ فِيْهِ إِلَّا قَامُوْا عَنْ مِثْلِ جِيْفَةِ حِمَارٍ وَكَانَ لَهُمْ حَسْرَةً»

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی قوم ایسی مجلس سے نہیں اٹھتی جس میں انہوں نے اللہ کا ذکر نہ کیا ہو مگر وہ گدھے کے مردار جیسی چیز سے اٹھتی ہے اور وہ ان کے لئے حسرت کا باعث ہوگی۔

(ابوداؤد ۴/ ۲۶۴' احمد ۳۸۹/۲ اور دیکھئے صحیح الجامع ۱۷۶/۵

نیند سے جاگنے کے اذکار

۱۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ

سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں مارنے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔

بخاری مع الفتح ۱۱/ ۱۱۳ مسلم ۴/ ۲۰۸۳

۲ ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص کو رات کسی وقت جاگ آئے اور وہ جاگتے وقت یہ کہے :

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ. لَهُ الْمُلْكُ

وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ. سُبْحَانَ اللهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ.

کوئی عبادت کے لائق نہیں مگر اللہ اکیلا اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ کے لئے ہے اور اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور بلندی اور عظمت والے اللہ کی مدد کے بغیر نہ (کسی چیز سے بچنے کی) طاقت ہے اور نہ (کچھ کرنے کی) قوت ہے۔

پھر یہ دعا کرے۔ رب اغفرلی اے میرے رب مجھے بخش دے تو اسے بخش دیا جاتا ہے ولید راوی نے بیان کیا یا یہ لفظ کہے کہ پھر کوئی دعا کرے تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے پھر اگر اٹھ کھڑا ہو وضوء کرے اور نماز پڑھے تو اس کی نماز قبول ہوتی ہے۔

بخاری مع الفتح ۳۹/۳ وغیرہ لفظ ابن ماجہ کے ہیں دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۳۳۵/۲

۳۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ فِیْ جَسَدِیْ وَرَدَّ عَلَیَّ رُوْحِیْ وَأَذِنَ لِیْ بِذِکْرِہٖ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے مجھے میرے جسم میں عافیت دی اور میری روح مجھے واپس کی اور

مجھے اپنی یاد کی اجازت دی ترمذی ۵/ ۴۷۳ صحیح الترمذی ۲/ ۱۴۴

۴- إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَٰفِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَأَيَٰتٍ لِّأُوْلِي الْأَلْبَٰبِ ﴿١٩٠﴾ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللَّهَ قِيَٰمًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَٰذَا بَٰطِلًا سُبْحَٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٩١﴾ رَبَّنَا إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ وَمَا لِلظَّٰلِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ ﴿١٩٢﴾ رَّبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي لِلْإِيمَٰنِ أَنْ ءَامِنُوا بِرَبِّكُمْ فَـَٔامَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّـَٔاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ ﴿١٩٣﴾ رَبَّنَا وَءَاتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَٰمَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ ﴿١٩٤﴾

بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش' رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں جو کھڑے' بیٹھے اور لیٹے (ہر

حال میں) اللہ کو یاد کرتے اور آسمانوں اور زمین کی
پیدائش میں غور کرتے (اور کہتے) ہیں اے پروردگار
تو نے اس (مخلوق) کو بے فائدہ پیدا نہیں کیا تو پاک
ہے (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے
بچا۔ اے پروردگار جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا سو
اسے رسوا کیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ اے
پروردگار ہم نے ایک ندا کرنے والے کو سنا کہ ایمان
کے لئے پکار رہا تھا (یعنی) اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ
تو ہم ایمان لے آئے اے پروردگار ہمارے گناہ
معاف فرما اور ہماری برائیوں کو ہم سے دور کر اور
موت دے ہم کو نیک بندوں کے ساتھ۔ اے

پروردگار تو نے جن جن چیزوں کے ہم سے اپنے پیغمبروں کے ذریعے سے وعدے کئے ہیں وہ ہمیں عطا فرما اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کرنا کچھ شک نہیں کہ تو وعدہ خلاف نہیں کرتا۔ بخاری مع الفتح ۸/ ۲۳۵ مسلم ۱/ ۵۳۰

کپڑا پہننے کی دعا

۵۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا (الثَّوْبَ) وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ . . . .

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے مجھے یہ (کپڑا) پہنایا اور میری کسی طاقت اور کسی قوت کے بغیر مجھے عطا کیا۔ ابوداوٗد، ترمذی، ابن ماجہ، دیکھئے ارواء الغلیل ۷/ ۴۷

نیا کپڑا پہننے کی دعا

٦۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ كَسَوْتَنِيهِ أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ

اے اللہ تیرے ہی لئے تعریف ہے تو نے مجھے یہ پہنایا، میں تجھ سے اس کی بھلائی اور جس چیز کے لئے بنایا گیا ہے اس کی بھلائی طلب کرتا ہوں۔ اور اس کی برائی سے اور جس چیز کے لئے بنایا گیا ہے اس کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ ابوداؤد، ترمذی، بغوی دیکھئے مختصر شمائل الترمذی للالبانی ص ۴۷

نیا کپڑا پہننے والے کو کیا دعا دی جائے

۷۔ تُبْلِىْ وَيُخْلِفُ اللّٰهُ تَعَالٰى

تو اسے پرانا کرے اور اللہ تعالیٰ اس کی جگہ اور عطا فرمائے۔ ابوداؤد ۴/۴۱

۸۔ اِلْبَسْ جَدِيْداً وَعِشْ حَمِيْداً وَمُتْ شَهِيْدًا

نیا پہن اور تعریف والی زندگی سے زندہ رہ اور شہید ہو کر فوت ہو۔ ابن ماجہ ۲/۱۱۷۸۔ بغوی ۱۲/۴۱ دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/ ۲۷۵

کپڑا اتارے تو کیا پڑھے

۹۔ بِسْمِ اللّٰهِ

اللہ کے نام کے ساتھ

[۴۹] ترمذی ۲/۵۰۵ صحیح الجامع ۳/۲۰۳ اور دیکھئے الارواء حدیث

قضائے حاجت کے لئے داخل ہونے کی دعا

۱۰۔ [بِسْمِ اللهِ] اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

(اللہ کے نام کے ساتھ) اے اللہ میں خبیثوں اور خبیثنیوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

بخاری ۱/۴۵ مسلم ۱/۲۸۳ شروع میں بسم اللہ کی زیادتی سعید بن منصور نے بیان کی ہے۔ دیکھئے فتح الباری ۱/ ۲۴۴

قضائے حاجت سے نکلنے کی دعا

۱۱۔ غُفْرَانَكَ

(اے اللہ) تیری بخشش مانگتا ہوں۔ ترمذی، ابوداؤد،
ابن ماجہ۔ دیکھیے تخریج زاد المعاد ۲/ ۳۸۷

وضو سے پہلے ذکر

۱۲۔ بِسْمِ اللہ

اللہ کے نام کے ساتھ ابوداؤد، ابن ماجہ، احمد اور دیکھئے
ارواء الغلیل ۱/ ۲۲

وضوء سے فارغ ہونے کے بعد ذکر

۱۳۔ أَشْهَدُ أَنْ لَآ إِلٰهَ إِلَّاَ اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ

میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق

نہیں اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں شہادت دیتا ہوں کہ محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ مسلم ۲۰۹/۱

۱٤۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ

اے اللہ مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں بنا دے اور مجھے بہت پاک رہنے والوں میں بنا دے۔

ترمذی ۷۸/۱ اور دیکھیے صحیح الترمذی ۱۸/۱

۱٥۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَاۤ إِلٰهَ إِلَّاۤ أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

پاک ہے تو اے اللہ اور اپنی تعریف کے ساتھ میں
شہادت دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں تجھ
سے بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔
عمل الیوم واللیلۃ نسائی ص ۱۷۳ اور دیکھئے ارواء الغلیل
۱/۱۳۵ و ۲/۹۴

گھر سے نکلتے وقت ذکر

۱۶۔ بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ

اللہ کے نام کے ساتھ۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا اور
اللہ کی مدد کے بغیر نہ کسی چیز سے بچنے کی طاقت ہے
نہ کچھ کرنے کی۔ ابوداؤد ۴/۳۲۵' ترمذی ۵/۴۹۰ دیکھئے
صحیح الترمذی ۳/ ۱۵۱

۱۷۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَضِلَّ، أَو أُضَلَّ، أَو أَزِلَّ، أَو أُزَلَّ أَو أَظْلِمَ، أَو أُظْلَم، أَو أَجْهَلَ، أَو يُجْهَلَ عَلَيَّ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ گمراہ ہو جاؤں یا مجھے گمراہ کیا جائے یا پھسل جاؤں یا مجھے پھسلایا جائے یا میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے یا میں کسی پر جہالت کروں یا کوئی مجھ پر جہالت کرے۔ ابوداؤد، ترمذی، نسائی و ابن ماجہ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۵۲ اور صحیح ابن ماجہ ۲/۳۳۶

گھر میں داخل ہوتے وقت ذکر

۱۸۔ بِسْمِ اللهِ وَلَجْنَا، وَبِسْمِ اللهِ

خَرَجْنَا ، وَعَلَىٰ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا

اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوئے اللہ کے نام کے ساتھ نکلے اور اپنے رب ہی پر ہم نے بھروسہ کیا۔ ابوداؤد .سند صحیح ۳۲۵/۴

مسجد کی طرف جانے کی دعا

۱۹۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْراً ، وَفِيْ لِسَانِيْ نُوْراً ، وَاجْعَلْ فِيْ سَمْعِيْ نُوْراً ، وَاجْعَلْ فِيْ بَصَرِيْ نُوْراً ، وَاجْعَلْ مِنْ خَلْفِي نُوْراً ، وَمِنْ أَمَامِيْ نُوْراً ، وَاجْعَلْ مِنْ فَوْقِيْ نُوْراً وَمِنْ تَحْتِيْ نُوْراً . اَللّٰهُمَّ أَعْطِنِيْ نُوْراً

اے اللہ میرے دل میں نور بنا دے اور میری زبان میں نور بنا دے اور میرے کانوں میں نور بنا دے اور میری آنکھوں میں نور بنا دے اور میرے پیچھے اور میرے آگے نور بنا دے اور میرے اوپر اور میرے نیچے نور بنا دے۔ اے اللہ مجھے نور عطا فرما دے۔

یہ لفظ مسلم ۵۳۰/۱ کے ہیں بخاری مع الفتح ۱۱۶/۱۱ میں کچھ مفید اضافے بھی ہیں۔

مسجد میں داخل ہونے کی دعا

۲۰۔ أَعُوذُ بِاللهِ الْعَظِيمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ (د) بِسْمِ اللهِ، وَالصَّلَاةُ (۲۰-ب) [وَالسَّلَامُ عَلَىٰ رَسُولِ اللهِ] (ج) اَللّٰهُمَّ

اُفْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ (د)

میں عظمت والے اللہ کی اور اس کے کریم چہرے کی اور قدیم سلطنت کی پناہ چاہتا ہوں مردود شیطان سے۔ اللہ کے نام کے ساتھ (داخل ہوتا ہوں) اور رسول اللہ پر صلاۃ و سلام ہو۔ اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

الف ابوداؤد۔ دیکھئے صحیح الجامع حدیث نمبر ۴۵۹۱

ب ابن السنی حدیث نمبر ۸۸ البانی نے اسے حسن کہا ہے۔

ج ابوداؤد ۱/۱۲۶ دیکھئے صحیح الجامع ۱/۵۲۸

د مسلم ۱/۴۹۴۔ ابن ماجہ میں فاطمہؓ سے یہ دعا مروی

ہے۔ اللھم اغفرلی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتک۔ البانی نے اس کے شواہد کی وجہ سے اسے صحیح کہا ہے۔ دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۱/۱۲۹-۱۲۸

مسجد سے نکلنے کی دعا[۱]

۲۱۔ بِسْمِ اللهِ وَالصَّلاةُ وَالسَّلامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ، اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

اللہ کے نام کے ساتھ اور صلاۃ و سلام رسول اللہ پر۔ اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ مجھے مردود شیطان سے بچا۔

دیکھئے گذشتہ حاشیہ نمبر ۲۰ ا، ب، ج، د اور "اللھم

اعوذ بالله السمیع العلیم من الشیطان الرجیم" کے الفاظ ابن ماجہ کے ہیں
صحیح ابن ماجہ ۱/۱۲۹

اذان کے اذکار

۲۲ (۱) موذن کے جواب میں وہی کلمہ کہے جو موذن نے کہا ہو۔ البتہ "حی علی الصلاۃ اور حی علی الفلاح کے جواب میں **لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللهِ** کہے۔

بخاری ۱/۱۵۲ مسلم ۱/۲۸۸

۲۳ (۲) موذن کے اشہد ان الخ کے بعد مندرجہ ذیل دعا پڑھے

وَأَنَا أَشْهَدُ أَن لَّآ إِلٰهَ إِلاَّ اللهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ رَضِيْتُ بِاللهِ رَبًّا،

وَبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلاً وَبِالْإِسْلَامِ دِيْناً [ب]

اور میں (بھی) شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ میں اللہ کے رب ہونے اور محمد کے رسول ہونے اور اسلام دین ہونے پر راضی ہوں۔ (۱) ابن خزیمہ ۲۲۰/۱

(ب) مسلم ۲۹۰/۱

۲۴۔(۳) موذن کے جواب سے فارغ ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلاۃ پڑھے مسلم ۲۸۸/۱

۲۵۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدَاً نِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَاماً

مَحْمُودًا الَّذِيْ وَعَدْتَهٗ [إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ]

اے اللہ اے اس کمل دعوت اور قائم صلاۃ کے پروردگار۔ محمدؐ کو خاص قرب اور خاص فضیلت عطا فرما اور اسے مقام محمود (تعریف کئے ہوئے مقام) پر کھڑا کر جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

بخاری ۱/۱۵۲ قوسین کے درمیان الفاظ بیہقی ۱/۴۱۰ اور اس کی سند جید ہے دیکھئے تحفتہ الاخیار از شیخ عبدالعزیز بن باز ص ۳۸

۲۶ (۵) ازان اور اقامت کے درمیان اپنے لئے دعا کرے کیونکہ اس وقت دعا رد نہیں ہوتی۔ ترمذی۔ ابوداؤد احمد اور دیکھیے ارواء الغلیل ۱/۲۶۲

استفتاح (نماز شروع کرنے) کی دعا

اللّٰہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرے اور مندرجہ ذیل دعاؤں میں سے کوئی دعا پڑھے۔

۲۷۔ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اَللّٰهُمَّ نَقِّنِيْ مِنْ خَطَايَايَ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اَللّٰهُمَّ اغْسِلْنِيْ مِنْ خَطَايَايَ بِالثَّلْجِ وَالْمَاءِ وَالْبَرَدِ

اے اللہ میرے اور میرے گناہوں کے درمیان دوری ڈال دے۔ جس طرح تو نے مشرق و مغرب کے درمیان دوری ڈالی ہے' اے اللہ مجھے میرے

گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جس طرح سفید کپڑا میل سے صاف کیا جاتا ہے اے اللہ مجھے میرے گناہوں سے برف، پانی اور اولوں کے ساتھ دھو دے۔ بخاری ۱/۱۸۱ مسلم ۱/۴۱۹

۲۸۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلاَ إِلٰهَ غَيْرُكَ

پاک ہے تو اے اللہ اور اپنی تعریف کے ساتھ ،اور بابرکت ہے تیرا نام اور بلند ہے تیری شان اور تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔

ابوداؤد و ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور دیکھئے صحیح ترمذی ۱/ ۷۷ اور صحیح ابن ماجہ ۱/۱۳۵

٢٩ـ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالأَرْضَ حَنِيفاً وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ إِنَّ صَلاَتِيْ، وَنُسُكِيْ، وَمَحْيَايَ، وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ. اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ لا إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ. أَنْتَ رَبِّيْ وَأَنَا عَبْدُكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ جَمِيْعاً إِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلاَّ أَنْتَ. وَاهْدِنِيْ لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ لِأَحْسَنِهَا إِلاَّ أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا، لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا إِلاَّ أَنْتَ

لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ كُلُّهُ بِيَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ أَنَا بِكَ وَإِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

میں نے اپنا چہرہ اس ہستی کی طرف پھیر لیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا یک طرفہ ہو کر اور میں مشرکوں سے نہیں میری صلاۃ میری قربانی' میری زندگی اور میری موت اللہ رب العالمین کے لئے ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے اور میں مسلمین سے ہوں اے اللہ تو ہی بادشاہ ہے تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں تو ہی میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں۔ میں نے اپنے آپ

پر ظلم کیا اور اپنے گناہ کا اعتراف کیا۔ پس مجھے میرے سارے گناہ بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔ اور مجھے سب سے اچھے اخلاق کی ہدایت دے سب سے اچھے اخلاق کی ہدایت تیرے علاوہ کوئی نہیں دے سکتا اور برے اخلاق مجھ سے ہٹا دے کیونکہ مجھ سے برے اخلاق تیرے علاوہ کوئی نہیں ہٹا سکتا۔ حاضر ہوں حاضر ہوں اور بھلائی سب تیرے ہاتھوں میں ہے اور برائی تیری طرف نہیں میں تیری توفیق سے ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوں تو برکت والا اور بلند ہے، میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

مسلم ۱/۵۳۴

۳۰۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِيْلَ، وَمِيْكَائِيْلَ، وَإِسْرَافِيْلَ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ. عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ. اِهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِكَ إِنَّكَ تَهْدِيْ مَنْ تَشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

اے اللہ اے جبرائیل، میکائیل اور اسرافیل کے رب آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے غائب اور حاضر کو جاننے والے اپنے بندوں کے درمیان تو ہی اس چیز کے متعلق فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ حق کی جن باتوں میں اختلاف ہو گیا ہے

تو اپنے اذن کے ساتھ مجھے حق کی ہدایت دے دے یقیناً" تو جسے چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ مسلم ۱/۵۳۴

۳۱۔ اَللهُ أَكْبَرُ كَبِيْراً، اللهُ أَكْبَرُ كَبِيْراً، اللهُ أَكْبَرُ كَبِيْراً، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْراً، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْراً، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيراً، وَسُبْحَانَ اللهِ بُكْرَةً وَّأَصِيلاً

(تین مرتبہ) أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ مِنْ نَفْخِهِ وَنَفْثِهِ وَهَمْزِهِ

اللہ سب سے بڑا ہے بہت بڑا۔ اللہ سب سے بڑا ہے بہت بڑا۔ اللہ سب سے بڑا ہے بہت بڑا اور تمام حمد اللہ کے لئے ہے بہت زیادہ اور تمام حمد اللہ کے لئے

ہے بہت زیادہ اور تمام حمد اللہ کے لئے ہے بہت زیادہ۔ اور اللہ پاک ہے، صبح و شام میں اللہ کی پناہ پکڑتا ہوں شیطان سے اس کی پھونک سے۔ اس کی تھوک سے اور اس کے چوکے سے۔

ابوداؤد ۱/۲۰۳ ابن ماجہ ۱/۲۶۵ احمد ۴/۸۵ اور مسلم نے اسے ابن عمرؓ سے بیان کیا ہے کہ ایک دفعہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک آدمی نے کہا "اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلاں فلاں کلمات کہنے والا کون ہے؟ حاضرین سے ایک آدمی نے کہا یارسول اللہ میں ہوں۔ آپ نے فرمایا مجھے ان کلمات سے تعجب ہوا کہ ان کے لئے آسمان کے دروازے کھولے گئے۔

مسلم ۱/۴۲۰

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب رات تہجد کے
لئے اٹھتے تو فرماتے

۳۲ اَللّٰهُمَّ لَكَ
الْحَمْدُ أَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْأَرْضِ
وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ قَيِّمُ
السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ،
[وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ رَبُّ السَّمٰوٰاتِ
وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ] [وَلَكَ الْحَمْدُ]
[أَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَقَوْلُكَ
الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ الْحَقُّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ،
وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ
حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ][اَللّٰهُمَّ لَكَ

أَسْلَمْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ. فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ، وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ، وَمَا أَعْلَنْتُ] [أَنْتَ المقدِّمُ، وَأَنْتَ المؤَخِّرُ لَا إله إلا أنْتَ] [أنت إلهي لَا إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ

اے اللہ تیرے لئے ہی حمد ہے تو ہی آسمانوں اور زمین کا نور اور ان کا نور ہے جو ان میں ہیں اور تیرے ہی لئے حمد ہے تو ہی آسمانوں اور زمین کو قائم رکھنے والا اور ان کو قائم رکھنے والا ہے جو ان میں ہیں اور تیرے ہی لئے حمد ہے تو ہی آسمانوں اور زمین کا رب اور ان کا رب ہے جو ان میں ہیں اور تیرے

ہی لئے حمد ہے تو ہی حق ہے اور تیری ملاقات ہی حق ہے اور جنت حق ہے اور آگ حق ہے اور نبی حق ہیں اور قیامت حق ہے۔

اور محمد حق ہے۔ اے اللہ میں تیرے لئے ہی تابع ہو گیا اور تجھی پر میں نے بھروسہ کیا اور تجھی پر ایمان لایا اور تیری ہی طرف میں نے رجوع کیا اور تیری مدد کے ساتھ ہی (دشمن سے) جھگڑا کیا اور تیری ہی طرف فیصلہ لے کر آیا۔ پس مجھے وہ سب بخش دے

جو میں نے پہلے کیا اور جو پیچھے کیا اور جو میں نے چھپا کر کیا اور جو میں نے علانیہ کیا۔ تو ہی میرا سچا معبود ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔

بخاری مع الفتح ۱۱/۴۶۴' ۱۳/۱۱۶ یہ الفاظ بخاری کے دو مقامات سے جمع کئے گئے ہیں۔ مسلم ۱/۵۴۲

رکوع کی دعائیں

۳۳۔ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ

پاک ہے میرا رب عظمت والا

ابوداؤد' ترمذی' نسائی' ابن ماجہ' احمد اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱/۸۳

۳۴۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي

پاک ہے تو اے اللہ ہمارے پروردگار اور اپنی تعریف کے ساتھ اے اللہ مجھے بخش دے۔

بخاری ۱/۱۹۹ مسلم ۱/۳۵۰

۳۵۔ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ

بہت پاکیزگی والا بہت مقدس ہے فرشتوں اور روح کا رب

مسلم ۱/۳۵۳

۳۶۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِي، وَبَصَرِي، وَمُخِّي، وَعَظْمِي، وَعَصَبِي، وَمَا اسْتَقَلَّ بِهِ قَدَمِي

اے اللہ میں تیرے ہی لئے جھکا تجھی پر ایمان لایا تیرا ہی فرمانبردار بنا تیرے ہی لئے ڈر کر عاجز ہو گئے'

میرے کان میری آنکھیں میرا مغز میری ہڈیاں میرے پٹھے اور (وہ جسم) جسے میرے قدم اٹھائے ہوئے ہیں

مسلم ۱/۵۳۴ نسائی' ترمذی' ابوداؤد

۳۷۔ سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوتِ، وَالْمَلَكُوتِ، وَالْكِبْرِيَاءِ، وَالْعَظَمَةِ

پاک ہے بہت بڑے جبر اور بہت بڑے ملک والا اور بڑائی اور عظمت والا۔ ابوداؤد ۱/۲۳۰' نسائی' احمد سند حسن ہے۔

رکوع سے اٹھنے کی دعا

۳۸۔ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ' سن لی اللہ نے جس نے اس کی تعریف کی۔ بخاری مع الفتح ۲/۲۸۲

۳۹۔ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْداً كَثِيْراً طَيِّباً

مُبَارَكاً فِيْهِ

اے ہمارے پروردگار اور تیرے ہی لئے تمام تعریف ہے تعریف بہت زیادہ، پاکیزہ، جس میں برکت کی گئی ہے۔ بخاری مع الفتح ۲/۲۸۴

٤٠۔ مِلْءَ السَّمٰوَاتِ وَمِلْءَ الْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ. أَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ أَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ. اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

اے اللہ اے ہمارے پروردگار تیرے ہی لئے تعریف ہے اتنی جس سے آسمان بھر جائیں اور زمین بھر جائے اور ان دونوں کے درمیان بھر جائے اور اس کے بعد

جو چیز تو چاہے بھر جائے اے تعریف اور بزرگی کے لائق۔ سب سے سچی بات جو بندے نے کہی یہ ہے اور ہم سب تیرے بندے ہیں اے اللہ جو تو دے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے اسے کوئی دینے والا نہیں۔ کسی شان والے کو اس کی شان تیرے ہاں کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

مسلمؒ ۱/۳۴۶

سجدے کی دعا

۴۱۔ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى

پاک ہے میرا رب سب سے بلند

اسے اہل سنن اور احمد نے روایت کیا اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱/ ۸۳

٤٢ سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ

پاک ہے تو اے اللہ اے ہمارے رب اور اپنی تعریف کے ساتھ اے اللہ مجھے بخش دے۔

بخاری مسلم دیکھئے حاشیہ نمبر ۳۴

٤٣ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ

بہت پاک بہت مقدس ہے فرشتوں اور روح کا رب

مسلم دیکھئے حاشیہ نمبر ۳۵

٤٤- اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِيَ

لِلَّذِيْ خَلَقَهُ وَصَوَّرَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ تَبَارَكَ اللهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ»

اے اللہ میں نے تیرے لئے ہی سجدہ کیا تجھی پر ایمان لایا تیرا ہی فرمانبردار بنا میرے چہرے نے اس ہستی کے لئے سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا' اس کی صورت بنائی اور اس کے کانوں' اور آنکھوں کے شگاف بنائے برکت والا ہے اللہ جو تمام بنانے والوں سے اچھا ہے۔ مسلم ۱/۵۳۴ وغیرہ

٤٥- سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوْتِ، وَالْمَلَكُوْتِ، وَالْكِبْرِيَاءِ، وَالْعَظَمَةِ

پاک ہے بہت بڑے جبر اور بہت بڑے ملک والا اور بڑائی اور عظمت والا۔

ابوداود ۱/ ۲۳۰، نسائی، احمد سند حسن ہے۔

۴۶۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهُ، دِقَّهُ وَجُلَّهُ وَأَوَّلَهُ وَآخِرَهُ وَعَلَانِيَتَهُ وَسِرَّهُ

اے اللہ مجھے میرے چھوٹے بڑے پہلے پچھلے ظاہر اور پوشیدہ تمام گناہ بخش دے۔

مسلم ۱/ ۳۵۰

۴۷۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ، لَا أُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

اے اللہ میں تیرے غصے سے تیری رضا کی پناہ چاہتا ہوں اور تیری سزا سے تیری معافی کی پناہ چاہتا ہوں

اور میں تجھ سے تیری ہی پناہ چاہتا ہوں- میں پوری طرح تیری تعریف نہیں کر سکتا- تو اس طرح ہے جس طرح تو نے خود اپنی تعریف کی ہے-

مسلم ۱/۳۵۲

دو سجدوں کے درمیان کی چند دعائیں

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ

اے میرے رب مجھے بخش دے اے میرے رب مجھے بخش دے- ابوداؤد ۱/۲۳۱ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۱/۱۴۸

۴۸۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَاجْبُرْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ، وَارْفَعْنِيْ

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر اور مجھے ہدایت دے اور میرے نقصان پورے کر دے اور مجھے عافیت دے اور مجھے رزق دے اور مجھے بلند کر۔

ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱/۹۰ و صحیح ابن ماجہ ۱/۱۴۸

سجدہ تلاوت کی دعا

۵۰۔ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ فَتَبَارَكَ اللهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

میرے چہرے نے اس ذات کے لئے سجدہ کیا جس نے اسے پیدا کیا۔ اس کے کان اور آنکھ کے سوراخ نکالے اپنی طاقت اور قوت سے پس برکت والا ہے

اللہ جو سب بنانے والوں سے اچھا ہے۔

ترمذی ۲/۴۷۴ احمد ۳۰/٦ اور حاکم نے اسے روایت کر کے صحیح کہا اور ذہبی نے اس کی موافقت کی اور یہ زائد لفظ (فتبارک اللہ احسن الخالقین) بھی حاکم کے ہیں۔

۵۱- اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ بِهَا عِنْدَكَ أَجْراً، وَضَعْ عَنِّيْ بِهَا وِزْراً، وَاجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْراً، وَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ»

اے اللہ اس سجدے کے بدلے میرے لئے اپنے ہاں اجر لکھ لے اور اس کے ذریعے مجھ سے (گناہوں کا) بوجھ اتار دے اور اسے میرے لئے اپنے پاس ذخیرہ بنا لے اور اسے مجھ سے اس طرح قبول فرما جس طرح تو نے اپنے بندے داوٴد سے قبول کیا تھا۔

ترمذی ۲/ ۲۷۳ حاکم اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا۔

تشہد

۵۲۔ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوٰاتُ، وَالطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ. أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ

زبان کی تمام عبادتیں اور بدنی اور مالی عبادتیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔ سلام ہو تجھ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے

سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اور میں شہادت دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

بخاری مع الفتح ۱۱/۱۳ و مسلم ۱/۳۰۱ بروایت عبداللہ بن مسعود۔

تشہد کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوۃ

۵۳۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی إِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ إِبْرَاھِیْمَ إِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ، اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی إِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ إِبْرَاھِیْمَ إِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اے اللہ صلوۃ بھیج محمد پر اور محمد کی آل پر جس طرح

تو نے صلوۃ بھیجی ابراہیم پر اور ابراہیم کی آل پر یقیناً تو تعریف والا بزرگی والا ہے۔

اے اللہ برکت نازل فرما محمد پر اور محمد کی آل پر جس طرح برکت نازل کی تو نے ابراہیم پر اور ابراہیم کی آل پر یقیناً تو تعریف اور بزرگی والا ہے۔

بخاری مع الفتح ٦/٤٠٨

٥٤- اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ. وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ. إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ»

اے اللہ صلاۃ بھیج محمد پر اور اس کی بیویوں اور اولاد

پر جس طرح صلاۃ بھیجی تو نے ابراہیم کی آل پر اور برکت نازل فرما محمد پر اور اس کی بیویوں اور اولاد پر جس طرح برکت نازل کی تو نے ابراہیم کی آل پر یقیناً تو تعریف والا بزرگی والا ہے۔

بخاری مع الفتح ۴۰۷/۶ و مسلم ۳۰۶/۱ لفظ مسلم کے ہیں

آخری تشہد کے بعد سلام سے پہلے دعاء

۵۵۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

اے اللہ میں تیری پناہ پکڑتا ہوں قبر کے عذاب سے

اور جہنم کے عذاب سے اور زندگی اور موت کے فتنے سے اور مسیح دجال کے فتنے کے شر سے۔

بخاری ۲/۱۰۲ و مسلم ۱/۴۱۲ لفظ مسلم کے ہیں

۵۶- اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

اے اللہ میں تیری پناہ پکڑتا ہوں قبر کے عذاب سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں مسیح دجال کے فتنے سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں زندگی اور موت کے فتنے سے اے اللہ میں تیری پناہ پکڑتا ہوں گناہ سے اور قرض

ہے۔ بخاری ۱/۲۰۲ و مسلم ۱/۴۱۲

۵۷۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي ظُلْماً كَثِيْراً وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ فَاغْفِرْ لِي مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِي إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

اے اللہ! میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا اور تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا پس مجھے اپنی خاص مغفرت سے بخش دے اور مجھ پر رحم کر یقیناً تو ہی بخشنے والا بے حد رحم کرنے والا ہے۔ بخاری ۸/۱۶۸ و مسلم ۴/۲۰۷۸

۵۸ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ،

وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ، وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَسْرَفْتُ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي. أَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

اے اللہ مجھے بخش دے جو میں نے پہلے کیا اور جو پیچھے کیا اور جو میں نے چھپا کر کیا اور جو میں نے علانیہ کیا اور جو میں نے زیادتی کی اور جسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے تو ہی پہلے کرنے والا ہے تو ہی پیچھے کرنے والا تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

مسلم ۱/ ۵۳۴

۵۹۔ اَللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

اے اللہ اپنی یاد، اپنے شکر اور اپنی اچھی عبادت پر
میری مدد فرما۔ ابوداؤد ۲/۸۶ و نسائی ۳/۵۳

٦٠۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَنْ أُرَدَّ إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ

اے اللہ میں بخل سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور بزدلی
سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اس بات سے تیری پناہ
چاہتا ہوں کہ نکمی عمر کی طرف لوٹایا جاؤں اور میں
دنیا کے فتنے اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا
ہوں۔ بخاری مع الفتح ۶/۳۵

٦١ - اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ

اے اللہ میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور آگ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

ابوداؤد اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۳۲۸/۲

٦٢ - اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ أَحْيِنِي مَا عَلِمْتَ الْحَيَاةَ خَيْراً لِي وَتَوَفَّنِي إِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْراً لِي اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، وَأَسْأَلُكَ كَلِمَةَ الْحَقِّ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ، وَأَسْأَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْغِنٰى

وَالْفَقْرِ، وَأَسْأَلُكَ نَعِيماً لَا يَنْفَدُ، وَأَسْأَلُكَ قُرَّةَ عَيْنٍ لَا تَنْقَطِعُ، وَأَسْأَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ، وَأَسْأَلُكَ بَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَأَسْأَلُكَ لَذَّةَ النَّظَرِ إِلَىٰ وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ إِلَىٰ لِقَائِكَ فِي غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْإِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُهْتَدِيْنَ

اے اللہ میں تیرے غیب جاننے اور خلق پر قدرت رکھنے کے ساتھ سوال کرتا ہوں کہ مجھے اس وقت تک زندہ رکھ جب تک تو زندگی میرے لئے بہتر جانے اور مجھے اس وقت فوت کر جب وفات میرے لئے بہتر جانے۔ اے اللہ میں غائب اور حاضر ہونے

کی حالت میں تجھ سے تیری خشیت کا سوال کرتا ہوں
اور راضی اور غصے ہونے کی حالت میں تجھ سے حق
بات کہنے (کی توفیق) کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے
غنا اور فقر میں میانہ روی کا سوال کرتا ہوں اور تجھ
سے ایسی نعمت کا سوال کرتا ہوں جو ختم نہ ہو اور
آنکھوں کی ایسی ٹھنڈک کا سوال کرتا ہوں جو ختم نہ
ہو اور تجھ سے تیرے فیصلے پر راضی رہنے کا سوال
کرتا ہوں اور تجھ سے موت کے بعد زندگی کی
ٹھنڈک کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے تیرے چہرے
کی طرف دیکھنے کی لذت اور تیری ملاقات کے شوق کا
سوال کرتا ہوں بغیر کسی تکلیف دہ مصیبت اور گمراہ
کن فتنے کے۔ اے اللہ ہمیں ایمان کی زینت سے

مزین فرما اور ہمیں ہدایت دینے والے ہدایت پانے والے بنا دے۔

نسائی ۳/۵۴، ۵۵ و احمد ۴/۳۶۴ اس کی سند جید ہے۔

۶۳۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ يَا اَللّٰهُ بِأَنَّكَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً أَحَدٌ أَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس بات کے ساتھ کہ تو واحد اکیلا بے نیاز ہے جس نے نہ جنا نہ جنا گیا نہ اس کا کوئی شریک ہے کہ تو مجھے میرے گناہ معاف فرما دے یقیناً تو ہی بخشنے والا بے حد مہربان ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ نسائی نے روایت کیا ۳/۵۲ اور احمد

۴/۲۲۸ دیکھئے صفتہ صلاۃ النبی للالبانی ص ۲۰۴

٦٤- اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ الْمَنَّانُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس بات کے ساتھ کہ حمد تیرے ہی لئے ہے تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں۔ بے حد احسان کرنے والا۔ اے آسمانوں اور زمین کو بنانے والے اے بزرگی اور عزت والے اے

زندہ اور قائم رکھنے والے میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور آگ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

ابوداود' نسائی' ترمذی' ابن ماجہ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۳۲۹/۲

٦٥- اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنِّيْ أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً أَحَدٌ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس بات کے ساتھ کہ میں شہادت دیتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے بے نیاز جس نے نہ کسی کو جنا نہ جنا گیا نہ ہی کوئی اس کا شریک ہے۔

ابوداؤد ۲/۶۲، ترمذی ۵/۵۱۵، ابن ماجہ ۲/۱۲۶۷، احمد ۵
/۳۶۰ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/۳۲۹ اور صحیح الترمذی ۳/
۱۶۳

نماز سے سلام کے بعد اذکار

٦٦- أَسْتَغْفِرُ اللهَ تین مرتبہ

میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

اے اللہ تو ہی سلامتی والا ہے اور تجھی سے سلامتی ہے اے بزرگی اور عزت والے تو بڑی برکت والا ہے۔ مسلم ۱/۴۱۴

٦٧- لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ

لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کی تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اے اللہ جو تو دے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے اسے کوئی دینے والا نہیں اور کسی شان والے کو اس کی شان تجھ سے فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

بخاری ۱/۲۵۵ مسلم ۱/۴۱۴

۶۸۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ. لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا
بِاللهِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا
إِيَّاهُ، لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ
الْحَسَنُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ
الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے
اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کی
تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے نہ
بچنے کی طاقت ہے نہ کچھ کرنے کی قوت مگر اللہ کی مدد
کے ساتھ۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔
اور اس کے سوا ہم کسی کی عبادت نہیں کرتے اسی
کے لئے نعمت ہے اور اسی کے لئے فضل اور اسی

کے لئے اچھی تعریف ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت
کے لائق نہیں ہم اپنی بندگی اسی کے لئے خالص
کرنے والے ہیں خواہ کافروں کو برا ہی لگے۔ مسلم ۱/۴۱۵

۶۹۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ
أَكْبَرُ ۳۳ مرتبہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ
وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ
الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

جو شخص ہر نماز کے بعد یہ پڑھے اس کے گناہ معاف کر
دیئے جاتے ہیں۔ خواہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔
مسلم ۱/۴۱۸

۷۰۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ وَ قُلْ
أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ

النَّاسِ

ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ اور مغرب اور فجر کی نماز کے بعد تین مرتبہ۔ ابوداؤد ۲/۸۶ نسائی ۳/۶۸ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۲/۸

۱۷۔ ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھے اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

اللہ (وہ معبود برحق ہے کہ) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ زندہ ہمیشہ رہنے والا۔ اسے نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند جو کہ آسمانوں میں ہے اور

جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ کون ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر اس سے (کسی کی) سفارش کر سکے جو کچھ لوگوں کے رو برو ہو رہا ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہو چکا ہے وہ اسے جانتا ہے اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز پر دسترس حاصل نہیں کر سکتے ہاں جس قدر وہ چاہتا ہے (اس قدر معلوم کرا دیتا ہے) اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر حاوی ہے اور اسے ان کی حفاظت کچھ بھی دشوار نہیں وہ بڑا عالی اور جلیل القدر ہے۔

نسائی اور دیکھئے صحیح الجامع ۳۳۹/۵

۷۲۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ

لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

دس مرتبہ مغرب اور صبح کے بعد۔

ترمذی ۵/۵۱۵، احمد ۴/۲۲۷، تخریج کے لئے دیکھئے زاد المعاد ۱/۳۰۰

فجر کی نماز کے بعد

۷۳۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْماً نَافِعاً، وَرِزْقاً طَيِّباً، وَعَمَلاً مُتَقَبَّلاً

اے اللہ میں تجھ سے نفع دینے والے علم اور پاکیزہ رزق اور قبول کئے گئے عمل کا سوال کرتا ہوں۔

ابن ماجہ وغیرہ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۱/۱۵۲ اور مجمع الزوائد ۱۰/۱۱۱

صلاۃ استخارہ کی دعاء

۴۷) جابرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تمام کاموں میں استخارہ کرنے کی تعلیم دیتے جس طرح ہمیں قرآن کی سورۃ کی تعلیم دیتے آپ فرماتے کہ تم میں سے کوئی شخص جب کسی کام کا ارادہ کرے تو فرض کے علاوہ دو رکعتیں ادا کرے پھر یہ کہے۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيۡ أَسۡتَخِيۡرُكَ بِعِلۡمِكَ، وَأَسۡتَقۡدِرُكَ بِقُدۡرَتِكَ، وَأَسۡأَلُكَ مِنۡ فَضۡلِكَ الۡعَظِيۡمِ فَإِنَّكَ تَقۡدِرُ وَلَا أَقۡدِرُ، وَتَعۡلَمُ وَلَا أَعۡلَمُ، وَأَنۡتَ عَلَّامُ الۡغُيُوۡبِ، اَللّٰهُمَّ إِنۡ كُنۡتَ تَعۡلَمُ أَنَّ هٰذَا الۡأَمۡرَ- خَيۡرٌ لِيۡ فِيۡ دِيۡنِيۡ وَمَعَاشِيۡ وَعَاقِبَةِ

أَمْرِيْ - فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ
ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ، وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ
هٰذَا الأَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ
وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ -
فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ
وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِيْ بِهٖ

اے اللہ میں تجھ سے تیرے علم کے ساتھ خیر کا
سوال کرتا ہوں اور تیری قدرت کے ساتھ طاقت کا
سوال کرتا ہوں اور تجھ سے تیرے بڑے فضل کا
سوال کرتا ہوں کیونکہ تو قدرت رکھتا ہے اور میں
قدرت نہیں رکھتا اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا
اور تو غیبوں کو جاننے والا ہے۔

اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام (اپنے کام کا نام لے) میرے لئے میرے دین میری معاش اور میرے کام کے انجام میں (یا کہا کہ میرے جلدی اور دیر والے کام میں) بہتر ہے تو اسے میری قسمت میں کر دے اور اسے میرے لئے آسان کر دے پھر میرے لئے اس میں برکت فرما اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے لئے میرے دین میری معاش اور میرے کام کے انجام (یا کہا کہ میرے جلدی اور دیر والے کام) میں برا ہے تو اسے مجھ سے ہٹا دے اور مجھے اس سے ہٹا دے اور میری قسمت میں بھلائی کر جہاں بھی ہو پھر مجھے اس پر راضی کر دے۔ حدیث مکمل ہو گئی

بخاری ۷/۱۶۲

جو شخص خالق سے استخارہ کرے اور مومن

مخلوق سے مشورہ کرے اور اپنا کام پوری تحقیق اور کوشش سے کرے وہ پشیمان نہیں ہوتا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ

اور ان سے کام میں مشورہ کر پس جب عزم کر لے تو اللہ پر بھروسہ کر۔ سورہ آل عمران آیتہ (۱۵۹)

صبح و شام کے اذکار

۷۵۔ أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلَّهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ، وَخَيْرَ مَا بَعْدَهَا،

وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا، رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ، رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ، وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ

ہم نے شام کی اور اللہ کے ملک نے شام کی اور تمام تعریف اللہ کے لئے ہے اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے میرے رب اس رات میں جو خیر ہے اور جو اس کے بعد میں خیر ہے میں تجھ سے اس کا سوال کرتا ہوں اور اس رات کے شر سے اور اس کے بعد والی کے شر سے تیری پناہ چاہتا

ہوں۔ اے میرے رب میں سستی اور بڑھاپے کی
برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں اے میرے رب میں
آگ کے عذاب اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ
چاہتا ہوں۔" اور جب صبح ہوتی تو یہی الفاظ کہتے اور
شروع میں کہتے أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ
یعنی ہم نے صبح کی اور اللہ کے ملک نے صبح کی۔
مسلم ۴/۲۰۸۸

صبح کے وقت یہ دعا پڑھے

۷۶- اَللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ
أَمْسَيْنَا، وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ،
وَإِلَيْكَ النُّشُوْرُ
اے اللہ تیرے (نام کے) ساتھ ہم نے صبح کی اور

تیرے ساتھ ہم نے شام کی اور تیرے ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم مریں گے اور تیری طرف ہی اٹھ کر جانا ہے۔

شام کے وقت یوں کہے

اَللّٰھُمَّ بِکَ أَمْسَیْنَا، وَبِکَ أَصْبَحْنَا، وَبِکَ نَحْیَا، وَبِکَ نَمُوْتُ وَإِلَیْکَ الْمَصِیْرُ

اے اللہ تیرے (نام کے ساتھ) ہم نے شام کی اور تیرے ساتھ ہم نے صبح کی اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم مرتے ہیں اور تیرے ساتھ ہم زندہ ہوں گے اور تیری طرف ہی لوٹ کر جانا ہے۔

ترمذی ۴۶۶/۵ اور دیکھئے صحیح ترمذی ۱۴۲/۳

۷۷۔ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَأَنَـا عَبْـدُكَ، وَأَنَا عَلٰى عَهْـدِكَ، وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، أَبُـوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِـكَ عَلَيَّ، وَأَبُوْءُ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ فَإِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ

اے اللہ تو ہی میرا رب ہے تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدے پر (قائم) ہوں جس قدر طاقت رکھتا ہوں میں نے جو کچھ کیا اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے آپ پر تیری نعمت کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں

پس مجھے بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔ بخاری ۷/۱۵۰

۷۸۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَصْبَحْتُ أُشْهِدُكَ، وَأُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ، وَمَلَائِكَتَكَ، وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ، أَنَّكَ أَنْتَ اللهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، وَأَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

چار مرتبہ صبح چار مرتبہ شام

اے اللہ میں نے اس حال میں صبح کی کہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرا عرش اٹھانے والوں کو، تیرے فرشتوں کو اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور بیشک

محمد تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

ابوداؤد ۴/۳۱۷ الادب المفرد للبخاری حدیث نمبر۱۲۰۱ عمل الیوم واللیلہ نسائی حدیث نمبر ۹ ص ۱۳۸ ابن السنی حدیث نمبر ۷۰ شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ باز نے ابوداؤد اور نسائی کی سند کو حسن قرار دیا ہے دیکھئے **تحفۃ الاخیار** ص ۲۳

۷۹۔ جو شخص یہ دعا صبح کے وقت پڑھ لے اس نے اس دن کا شکر ادا کر دیا اور جو شام کے وقت پڑھ لے اس نے اس رات کا شکر ادا کر دیا۔

اَللّٰهُمَّ مَا أُصْبَحَ بِيْ مِنْ نِعْمَةٍ، أَوْ بِأَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ، فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ

اے اللہ مجھ پر یا تیری مخلوق میں سے کسی پر جس

نعمت نے بھی صبح کی ہے وہ صرف تیری طرف سے
ہے تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں پس تیرے ہی
لئے حمد ہے اور تیرے ہی لئے شکر ہے۔
شام کے وقت مااصبح کی جگہ مااَمسی کہے یعنی جس
نعمت نے بھی شام کی ہے

ابوداؤد ۴/۳۱۸ عمل الیوم واللیلۃ نسائی حدیث نمبر ۷
ص ۱۳۷ ابن السنی حدیث نمبر ۴۱ ص ۲۳ ابن حبان
دارد" حدیث ۲۳۶۱' ابن باز نے اس کی سند کو حسن قرار
دیا ہے دیکھئے تحفۃ الاخیار ص ۲۴

۸۰ - . اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ، اَللّٰهُمَّ
عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ
بَصَرِيْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ . . . ، اَللّٰهُمَّ

إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ، وَالْفَقْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

تین مرتبہ صبح تین دفعہ شام

اے اللہ مجھے میرے جسم میں عافیت دے اے اللہ مجھے میرے کانوں میں عافیت دے اے اللہ مجھے میری آنکھوں میں عافیت دے تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اے اللہ میں کفر اور فقر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

ابوداؤد ۴/۳۲۴ احمد ۵/۴۲ عمل الیوم واللیلۃ نسائی حدیث ۲۲ ص ۱۴۶ ابن السنی حدیث ۶۹ ص ۳۵ الادب المفرد بخاری۔ ابن باز نے اس حدیث کی

سند حسن قرار دی ہے دیکھئے تحفۃ الاخیار ص ۲۶

۸۱- حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

۷، ۷ مرتبہ صبح و شام

مجھے اللہ ہی کافی ہے اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عرش عظیم کا رب ہے۔ عمل الیوم واللیلۃ ابن السنی حدیث ۷۲ ص ۳۷ ابوداؤد ۴/۳۲۱ اس کی سند جید ہے۔

۸۲- أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

تین مرتبہ

میں اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ ان تمام چیزوں

کے شر سے پناہ چاہتا ہوں جو اس نے پیدا کی ہیں۔
ترمذی' احمد ۲/۲۹۰ دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۸۷ اس کا
اصل مسلم میں ہے ۴/۲۰۸۰

۸۳۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي دِيْنِي، وَدُنْيَايَ وَأَهْلِيْ، وَمَالِيْ، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ، وَآمِنْ رَوْعَاتِيْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ، وَمِنْ خَلْفِيْ، وَعَنْ يَمِيْنِيْ، وَعَنْ شِمَالِيْ، وَمِنْ فَوْقِيْ، وَأَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ

اے اللہ میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت کا
سوال کرتا ہوں اے اللہ میں اپنے دین اپنی دنیا اپنے

اہل اور اپنے مال میں تجھ سے معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں اے اللہ میری پردہ والی چیزوں پر پردہ ڈال دے اور میری گھبراہٹوں کو امن میں رکھ۔ اے اللہ میرے سامنے سے میرے پیچھے سے میری دائیں طرف سے اور میری بائیں طرف سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت کر اور اس بات سے میں تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں کہ اچانک اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔ ابوداؤد اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/۳۳۲

۸۴۔ اَللّٰھُمَّ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَہٗ، أَشْھَدُ أَنْ لَا إِلٰہَ إِلَّا أَنْتَ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ

الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ، وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلَىٰ نَفْسِي سُوءاً أَوْ أَجُرَّهُ إِلَىٰ مُسْلِمٍ

اے اللہ اے غیب اور حاضر کو جاننے والے' آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے ہر چیز کے پروردگار اور مالک! میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر اور اس کے شرک سے اور اس بات سے کہ میں اپنے نفس پر برائی کا ارتکاب کروں یا کسی مسلم سے برائی کروں۔ ترمذی' ابوداؤد اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۴۲

٨٥۔ بِسْمِ اللهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ

اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ تین مرتبہ

اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی اور وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ ابوداؤد، ترمذی دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/۳۳۲

۸۶۔ رَضِيتُ بِاللهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِيًّا، تین مرتبہ

میں اللہ پر راضی ہوں اس کے رب ہونے میں اور اسلام پر دین ہونے میں اور محمد ﷺ پر نبی ہونے میں۔

رواہ ترمذی ۵/۴۶۵ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۴۱

۸۷۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ تین مرتبہ

اللہ پاک ہے اور اپنی تعریف کے ساتھ ہے۔ اپنی مخلوق کی گنتی کے برابر اور اپنے نفس کی رضا کے برابر اور اپنے عرش کے وزن کے برابر۔ مسلم ۴/۲۰۹۰

۸۸۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ۱۰۰ مرتبہ

مسلم ۴/۲۰۷۱

۸۹۔ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ أَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ

اے زندہ رہنے والے اے قائم رکھنے والے! میں تیری ہی رحمت سے فریاد کرتا ہوں۔ میرے تمام کام درست کر دے اور ایک آنکھ جھپکنے کے برابر مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کر۔

حاکم نے روایت کر کے صحیح کہا اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ۱/۵۴۵ دیکھئے صحیح الترغیب والترہیب ۱/۲۷۳

۹۰۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۱۰۰ مرتبہ روزانہ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

بخاری ۴/۹۵ مسلم ۴/۲۰۷۱

٩١- أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ: فَتْحَهُ، وَنَصْرَهُ، وَنُوْرَهُ، وَبَرَكَتَهُ، وَهُدَاهُ، وَأَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ

ہم نے صبح کی اور کائنات نے صبح کی اللہ کے لئے

اے اللہ میں تجھ سے اس دن کی خیر، اس کی فتح و نصرت اس کے نور و برکت اور اس کی ہدایت کا سوال کرتا ہوں اور اس دن کے شر اور اس کے بعد والے دنوں کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

پھر شام ہو تو یہی دعا پڑھے اور اصبحنا کی جگہ امسینا

وامسی الملک اللہ پڑھے یعنی ہم نے شام کی اور اللہ کے ملک نے شام کی۔

ابوداؤد ۴/۳۲۲ سند حسن ہے دیکھئے زاد المعاد ۲/۳۷۳

۹۲۔ رسول اللہ صلی اللہ نے فرمایا جو شخص صبح کے وقت کہے۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهٗ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے کوئی اس کا شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کی حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اس کو اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک گردن آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور اس کے دس

گناہ معاف کئے جائیں گے۔ اور دس درجے بلند کئے جائیں گے اور وہ شام تک شیطان سے حفاظت میں رہے گا۔ اور اگر شام کو یہ کلمات کہے تو صبح تک یہی فضیلت حاصل رہے گی۔

ابن ماجہ۔ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۳۳۱/۲

۹۳۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم صبح اور شام کو یہ کلمات کہتے تھے۔

أَصْبَحْنَا عَلَىٰ فِطْرَةِ الإِسْلَامِ، وَعَلَىٰ كَلِمَةِ الْإِخْلَاصِ، وَعَلَىٰ دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ مِلَّةِ أَبِيْنَا إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفاً مُسْلِماً وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

ہم نے فطرت اسلام اور کلمہ اخلاص اور اپنے نبی محمدؐ کے دین اور اپنے باپ ابراہیم حنیف مسلم کی ملت پر صبح کی اور وہ مشرکوں سے نہیں تھا۔

احمد ۳/۴۰۶ و ۴۰۷ و ۵/۱۲۳ اور دیکھئے صحیح الجامع ۴/ ۲۰۹ عمل الیوم واللیلہ ابن السنی حدیث نمبر ۳۴

۹۴۔ عبداللہ بن خبیب کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہو۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! کیا کہوں آپ نے فرمایا قل ھو اللہ احد اور معوذتین تین تین مرتبہ جب شام ہو اور جب صبح ہو تو تمہیں ہر چیز سے کافی ہو جائیں گی۔

ابو داؤد ۴/۳۲۲ ترمذی ۵/۵۶۷ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۸۲

سوتے وقت کے اذکار

۹۵۔ ہر رات جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم بستر پر بیٹھتے دونوں ہتھیلیوں کو جمع کر کے ان میں پھونکتے اور ان میں قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھتے پھر جسم کے جس جس حصے پر پھیر سکتے ہاتھ پھیرتے سر اور چہرہ اور جسم کے سامنے حصے سے شروع فرماتے۔ اس طرح تین دفعہ کرتے۔ بخاری مع الفتح ۶۲/۹ مسلم ۱۷۲۳/۴

۹۶۔ جب تو اپنے بستر پر پہنچے تو آیتہ الکرسی (اللہ لا الہ الاھو الحی القیوم) آخر تک پڑھ تو صبح ہونے تک اللہ کی طرف سے تم پر ایک محافظ مقرر رہے گا اور شیطان تمہارے قریب نہیں آئے گا۔

بخاری مع الفتح ۴/۴۸۷

۹۷۔ جو شخص سورہ بقرہ کے آخر سے دو آیتیں کسی رات پڑھے اسے کافی ہو جائیں گی۔

ءَامَنَ ٱلرَّسُولُ بِمَآ أُنزِلَ إِلَيْهِ مِن رَّبِّهِۦ وَٱلْمُؤْمِنُونَ ۚ كُلٌّ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَمَلَٰٓئِكَتِهِۦ وَكُتُبِهِۦ وَرُسُلِهِۦ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِۦ ۚ وَقَالُوا۟ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ ٱلْمَصِيرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ ٱللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا ٱكْتَسَبَتْ ۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ إِن نَّسِينَآ أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُۥ عَلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِۦ ۖ وَٱعْفُ عَنَّا وَٱغْفِرْ لَنَا وَٱرْحَمْنَآ ۚ أَنتَ مَوْلَىٰنَا فَٱنصُرْنَا عَلَى ٱلْقَوْمِ ٱلْكَٰفِرِينَ

اللہ کا رسول اس کتاب پر جو اس کے پروردگار کی طرف سے اس پر نازل ہوئی ایمان لایا اور مومن

بھی۔ سب اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس
کی کتابوں پر اور اس کے پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں
(اور کہتے ہیں) ہم اس کے پیغمبروں میں سے کسی
میں کچھ فرق نہیں کرتے اور وہ (اللہ سے) عرض
کرتے ہیں کہ ہم نے (تیرا حکم) سنا اور قبول کیا
اے پروردگار ہم تیری بخشش مانگتے ہیں اور تیری ہی
طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اللہ کسی شخص کو اس کی
طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔ جو اچھے کام
کرے گا تو اس کو ان کا فائدہ ملے گا اور جو برے
کام کرے گا اسے ان کا نقصان پہنچے گا۔ اے
پروردگار اگر ہم سے بھول چوک ہو گئی ہو تو ہم سے

مواخذہ نہ کرنا۔ اے پروردگار ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالنا
جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے
پروردگار جتنا بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں اتنا
ہمارے سر پر نہ رکھنا اور (اے پروردگار) ہمارے
گناہوں سے درگزر کر اور ہمیں بخش دے اور ہم
پر رحم فرما تو ہی ہمارا مالک ہے۔ ہم کو کافروں پر
غالب فرما۔ (آمین) بخاری مع الفتح ۹/۹۴ و مسلم ۱/۵۵۴

۹۸۔ جب تم میں سے کوئی شخص اپنے بستر سے
اٹھے پھر اس کی طرف واپس آئے تو اسے اپنی چادر
کے پلو کے ساتھ تین دفعہ جھاڑے کیونکہ وہ نہیں
جانتا کہ اس کے بعد اس پر اس کی جگہ کیا چیز آئی ہے
اور جب لیٹے تو کہے۔

بِاسْمِكَ

رَبِّي وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ أَرْفَعُهُ فَإِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَارْحَمْهَا وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ

تیرے ہی نام کے ساتھ اے میرے پروردگار میں نے اپنا پہلو رکھا اور تیرے ساتھ ہی اسے اٹھاؤں گا پس اگر تو میری جان کو روک لے تو اس پر رحم کر اور اگر اسے چھوڑ دے تو تو اس کی حفاظت کر جس کے ساتھ تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔

بخاری ۱۱/۱۲۶، مسلم ۴/۲۰۸۴

۹۹۔ اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ خَلَقْتَ نَفْسِي وَأَنْتَ تَوَفَّاهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا إِنْ

أَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا، وَإِنْ أَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا ۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ

اے اللہ تو نے ہی میری جان پیدا کی تو ہی اسے فوت کرے گا تیرے ہی لئے اس کی موت اور زندگی ہے اگر تو اسے زندہ رکھے تو اس کی حفاظت کر اور اگر اسے موت دے تو اسے بخش دے اے اللہ میں تجھ سے عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ مسلم ۴/۲۰۸۳، احمد بلفظہ ۲/۷۹۔ عمل الیوم واللیلہ ابن السنی حدیث نمبر ۷۲۱

۱۰۰۔ جب سونے کا ارادہ کرتے اپنا دایاں ہاتھ اپنے رخسار کے نیچے رکھتے پھر کہتے تین مرتبہ

اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

اے اللہ مجھے اپنے عذاب سے بچا جس دن تو اپنے

بندوں کو جمع کرے گا۔

ابوداؤد بلفظہ ۴/۳۱۱ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/ ۱۴۳

۱۰۱۔ بِاسْمِكَ اَللّٰهُمَّ أَمُوتُ وَأَحْيَا

اے اللہ میں تیرے ہی نام کے ساتھ مرتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں۔ بخاری مع الفتح ۱۱/۱۱۳ مسلم ۴/۲۰۸۳

۱۰۲۔ کیا میں تم دونوں کو (علیؓ اور فاطمہؓ کو) وہ چیز نہ بتاؤں جو تمہارے لئے خادم سے بہتر ہو جب تم اپنے بستر پر جاؤ تو ۳۳ دفعہ سبحان اللہ کہو ۳۳ دفعہ الحمدللہ اور ۳۴ دفعہ اللہ اکبر یہ تمہارے لئے خادم سے بہتر ہے۔ بخاری مع الفتح ۷/۷۱ مسلم ۴/۲۰۹۱

۱۰۳۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ، وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، رَبَّنَا

وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى، وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيْلِ، وَالْفُرْقَانِ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ. اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَأَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ»

اے اللہ اے ساتوں آسمانوں کے رب اور عرش عظیم کے رب، ہمارے اور ہر شے کے رب دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے، توراۃ، انجیل اور فرقان نازل کرنے والے! میں ہر اس چیز کے شر سے تیری پناہ

چاہتا ہوں جس کی پیشانی تو پکڑے ہوئے ہے اے
اللہ! تو ہی اول ہے پس تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں تو
ہی آخر ہے پس تیرے بعد کوئی چیز نہیں۔ تو ہی ظاہر
ہے پس تجھ سے اوپر کوئی چیز نہیں اور تو ہی باطن
ہے۔ پس تیرے ورے کوئی چیز نہیں۔ ہم سے قرض
ادا کر دے اور ہمیں فقر سے غنی کر دے۔ مسلم ۴/ ۲۰۸۴

۱۰۴- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا
وَسَقَانَا، وَكَفَانَا، وَاٰوَانَا فَكَمْ مِمَّنْ لَا
كَافِيَ لَهُ وَلَا مُؤْوِيَ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے ہمیں کھلایا
اور پلایا اور ہمیں کافی ہو گیا اور ہمیں جگہ دی پس
کتنے ہی لوگ ہیں جنہیں کوئی کفایت کرنے والا نہیں

نہ کوئی جگہ دینے والا ہے۔ مسلم ۲۰۸۵

۱۰۵۔ "اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْءًا أَوْ أَجُرَّهُ إِلٰى مُسْلِمٍ"

اے اللہ اے غیب اور حاضر کو جاننے والے' آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے ہر چیز کے پروردگار اور مالک! میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر اور اس کے شرک سے اور اس بات سے کہ میں اپنے نفس پر برائی کا ارتکاب کروں یا کسی مسلم سے برائی کروں۔ ابو داؤد ۴/۳۱۷ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۴۲

۱۰۶۔ آپؐ اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک آلم تنزیل السجدۃ اور تبارک الذی بیدہ الملک نہ پڑھ لیتے۔ ترمذی نسائی اور دیکھئے صحیح الجامع ۴/۲۵۵

۱۰۷۔ جب تو اپنے بستر پر جائے تو نماز والا وضو

کر پھر اپنے دائیں پہلو پر لیٹ جا پھر کہہ :

اَللّٰهُمَّ

أَسْلَمْتُ نَفْسِيْ إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ إِلَيْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ، لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ أَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ

اے اللہ میں نے اپنے نفس کو تیرے تابع کر لیا اور اپنا کام تیرے سپرد کر دیا اور اپنا چہرہ تیری طرف پھیر لیا تیری طرف رغبت کرتے ہوئے اور تجھ سے ڈرتے ہوئے نہ تجھ سے پناہ کی جگہ ہے اور نہ کوئی

بھاگ کر جانے کی مگر تیری طرف۔ میں ایمان لایا
تیری کتاب پر
جو تو نے اتاری اور تیرے نبی پر جو تو نے بھیجا۔ (یہ
دعا پڑھ کر سونے کے بعد) اگر تو فوت ہو گیا تو فطرت
پر فوت ہو گا۔ بخاری مع الفتح ۱۱/۱۱۳ مسلم ۴/۲۰۸۱

رات پہلو بدلتے وقت دعا

۱۰۸۔ عائشہؓ فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
رات جب پہلو بدلتے تو یہ کلمات کہتے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ
الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ، رَبُّ السَّمٰوٰاتِ
وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو اکیلا زبردست ہے۔ آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان والی چیزوں کا رب جو بہت عزت والا بہت بخشنے والا ہے۔ اسے حاکم نے روایت کر کے صحیح کہا ہے۔ اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے ۱/۵۴۰ عمل الیوم واللیلہ نسائی وابن السنی اور دیکھئے صحیح الجامع ۴/۲۱۳

نیند میں بے چینی اور گھبراہٹ کی دعا اور وحشت وغیرہ کی دعا

۱۰۹۔ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ، وَشَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَحْضُرُوْنِ

میں اللہ کے مکمل کلمات کی پناہ پکڑتا ہوں اس کے غصے اور اس کی سزا سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے چوکوں سے اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔

ابوداؤد ۴/۱۲ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۷۱

اچھا یا برا خواب دیکھے تو کیا کرے

۱۱۰۔ اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہوتا ہے اور برا خواب شیطانوں کی طرف سے ہوتا ہے۔ جب تم میں سے کوئی شخص ایسی چیز دیکھے جو اسے پسند ہو تو کسی کو نہ سنائے مگر جس سے اسے محبت ہو۔ ساری حدیث لمبی ہے۔ مسلم بلفظہ ۴/۱۷۷۲ بخاری ۷/۲۴

برا خواب دیکھ کر کئے جانے والے اعمال کا خلاصہ

۱۔ بائیں طرف تین دفعہ تھوکے مسلم ۴/۱۷۷۲

۲۔ شیطان اور اپنے اس خواب کی برائی سے تین مرتبہ اللہ کی پناہ مانگے۔ مسلم ۴/۱۷۷۲، ۱۷۷۳

۳۔ کسی کو وہ خواب نہ سنائے۔ مسلم ۴/۱۷۷۲

۴۔ جس پہلو پر وہ لیٹا ہوا ہو اسے بدل دے۔ مسلم ۴/۱۷۷۳

(۵) اگر ارادہ بنے تو اٹھ کر نماز پڑھے مسلم ۴/۱۷۷۳

قنوت وتر کی دعائیں

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ

هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلاَ يُقْضَى عَلَيْكَ، إِنَّهُ لاَ يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، [وَلاَ يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ]، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ»

اے اللہ تو نے جن لوگوں کو ہدایت دی ہے ان میں مجھے (بھی) ہدایت دے اور جن لوگوں کو تو نے عافیت دی ہے ان میں مجھے عافیت دے اور جن کا تو خود والی بنا ہے ان میں میرا والی بھی بن اور تو نے جو کچھ مجھے عطا فرمایا ہے اس میں میرے لئے برکت فرما اور جو فیصلے تو نے کئے ہیں ان کے شر سے مجھے محفوظ

رکھ کیونکہ تو فیصلے کرتا ہے اور تیرے خلاف کوئی فیصلے نہیں ہو سکتے جس کا تو دوست بن جائے وہ کبھی ذلیل نہیں ہوتا اور جس سے تجھے دشمنی ہو جائے وہ کبھی عزت نہیں پاتا اے ہمارے پروردگار تو عزت والا ہے اور بلند ہے۔

ابوداؤد' ترمذی' نسائی ابن ماجہ' احمد' دارمی' حاکم' بیہقی' قوسین کے درمیان الفاظ بیہقی کے ہیں اور دیکھیے صحیح الترمذی ۱/۱۴۴ اور صحیح ابن ماجہ ۱/۱۹۴ اور ارواء الغلیل البانی ۲/۱۷۲

۱۱۳۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ ، وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ ، لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ ، أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ

اے اللہ میں تیری ناراضگی سے تیری رضا کی پناہ چاہتا ہوں اور تیری سزا سے تیری معافی کی پناہ چاہتا ہوں اور تجھ سے تیری ہی پناہ چاہتا ہوں میں تیری پوری تعریف کی طاقت نہیں رکھتا تو اس طرح ہے جس طرح تو نے خود اپنی تعریف کی ہے۔

ابوداؤد' ترمذی' نسائی' ابن ماجہ' احمد۔ دیکھیے صحیح الترمذی ۳/۱۸۰ اور صحیح ابن ماجہ ۱/۱۹۴ اور ارواء الغلیل ۲/۱۷۵

١١٤- اَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ، وَلَكَ نُصَلِّي وَنَسْجُدُ، وَإِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ، نَرْجُوا رَحْمَتَكَ، وَنَخْشٰى عَذَابَكَ، إِنَّ عَذَابَكَ بِالْكَافِرِيْنَ مُلْحَقٌ. اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ،

وَنَسْتَغْفِرُكَ، وَنُثْنِي عَلَيْكَ الْخَيْرَ، وَلاَ نَكْفُرُكَ، وَنُؤْمِنُ بِكَ، وَنَخْضَعُ لَكَ، وَنَخْلَعُ مَنْ يَكْفُرُكَ

اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں تیرے لئے ہی نماز اور سجدہ ادا کرتے ہیں تیری طرف ہی کوشش اور جلدی کرتے ہیں تیری رحمت کی امید رکھتے ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں تیرا عذاب یقیناً کافروں کو ملنے والا ہے اے اللہ ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں تجھ سے بخشش مانگتے ہیں تیری اچھی تعریف کرتے ہیں۔ تجھ سے کفر نہیں کرتے اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور تیرے سامنے عاجز ہوتے ہیں اور جو تجھ سے کفر کرے ہم اس سے تعلق ختم کرتے ہیں۔

سنن کبری، بیہقی اور بیہقی نے اس کی سند کو صحیح کہا

ہے ۲/۲۱۱ اور شیخ البانی نے ارواء الغلیل میں فرمایا یہ سند صحیح ہے ۲/۱۷۰- یہ عمرؓ کے قول سے ثابت ہے- (نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں)

وتر سے سلام کے بعد دعا

۱۱۵ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر میں (سبح اسم ربک الاعلیٰ اور قل یا یہا الکافرون) اور (قل ھو اللہ احد) پڑھتے جب سلام پھیرتے تو تین مرتبہ کہتے:

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ [رَبِّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ]

پاک ہے بادشاہ بہت پاکیزگی والا فرشتوں اور روح کا رب-

تیسری مرتبہ یہ کلمات بلند آواز سے کہتے اور آواز لمبی کرتے۔

نسائی ۳/۲۴۴ دار قطنی وغیرہ۔ قوسین کے درمیان الفاظ دار قطنی نے زائد بیان کئے ہیں اس کی سند صحیح ہے۔ دیکھئے زادالمعاد بتحقیق شعیب الارنووط و عبدالقادر الارنووط ۱/ ۳۳۷

غم اور فکر کی دعا

۱۱۶۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي عَبْدُكَ ابْنُ عَبْدِكَ ابْنُ أَمَتِكَ نَاصِيَتِي بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ، عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ أَوْ أَنْزَلْتَهُ فِي كِتَابِكَ، أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَداً مِنْ خَلْقِكَ أَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِي عِلْمِ

الْغَيْبِ عِنْدَكَ أَنْ تَجْعَلَ الْقُرآنَ رَبِيعَ
قَلْبِيْ، وَنُـوْرَ صَدْرِيْ وَجَلَاءَ حُزْنِيْ
وَذَهَابَ هَمِّيْ

اے اللہ میں تیرا بندہ تیرے بندے کا بیٹا تیری بندی
کا بیٹا ہوں تیرا حکم مجھ میں جاری ہے میرے بارے
میں تیرا فیصلہ عدل ہے۔ میں تجھ سے تیرے ہر اس
خاص نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو تو نے خود اپنا
نام رکھا ہے یا اسے اپنی کتاب میں نازل کیا ہے یا اپنی
مخلوق میں سے کسی کو وہ سکھلایا ہے یا علم الغیب میں
اس کے اپنے پاس رکھنے کو ترجیح دی ہے کہ تو قرآن
کو میرے دل کی بہار اور میرے سینے کا نور اور
میرے غم کو دور کرنے والا اور میرے فکر کو لے

جانے والا بنا رہے۔ احمد ۱/۳۹۱ البانی نے اسے صحیح کہا ہے۔

۱۱۷- اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں فکر اور غم سے اور عاجز ہو جانے اور سستی سے اور بخل اور بزدلی سے اور قرض کے چڑھ جانے اور مردوں (لوگوں) کے غالب آجانے سے۔

بخاری ۷/۱۵۸ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کثرت سے کیا کرتے تھے۔ دیکھئے بخاری مع الفتح ۱۱/۱۷۳

بے قراری کی دعا

۱۱۸- لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں عظمت والا بردبار ہے اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو عرش عظیم کا رب ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں جو آسمانوں کا رب اور زمین کا رب اور عرش کریم کا رب ہے۔

بخاری ۷/۱۵۴ مسلم ۴/۲۰۹۲

۱۱۹- اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلاَ تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَأَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهُ، لَا إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ

اے اللہ میں تیری رحمت ہی کی امید رکھتا ہوں پس تو مجھے ایک آنکھ جھپکنے کے برابر میرے نفس کے سپرد نہ کر اور میرے لئے میرے تمام کام درست کر دے تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

ابوداؤد ۴/۳۲۴ احمد ۵/۴۲ البانی اور عبدالقادر ارناؤوط نے اسے حسن کہا ہے۔

۱۲۰- لَآ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ

تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو پاک ہے

یقیناً میں ظالموں سے ہوں۔

ترمذی ۵۲۹/۵ حاکم نے اسے صحیح کہا اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے ۵۰۵/۱ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱۶۸/۳

۱۲۱۔ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا

اللہ اللہ میرا رب ہے میں اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتا۔

ابوداؤد ۸۷/۲ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۳۳۵/۲

دشمن اور حکومت والے سے ملنے کی دعا

۱۲۲۔ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

اے اللہ ہم تجھی کو ان کے مقابلے میں کرتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔

ابوداؤد ۲/۸۹ حاکم نے اسے صحیح کہا اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ۲/۱۴۲

۱۲۳۔ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ عَضُدِيْ، وَأَنْتَ نَصِيْرِيْ، بِكَ أَجُوْلُ وَبِكَ أَصُوْلُ وَبِكَ أُقَاتِلُ

اے اللہ تو ہی میرا بازو ہے اور تو ہی میرا مددگار ہے، میں تیری توفیق سے گھومتا پھرتا ہوں، تیری توفیق سے حملہ آور ہوتا ہوں اور تیری ہی مدد سے (دشمنوں سے) لڑتا ہوں۔ ابو داود ۳/۴۲، ترمذی ۵/۵۷۲ اور دیکھیے صحیح الترمذی ۳/۱۸۳۔

۱۲٤ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ہمیں اللہ ہی کافی ہے اور بہت اچھا کارساز ہے۔

بخاری ۱۷۲/۵

جسے ایمان میں شک ہونے لگے اس کی دعاء

۱۲۵(۱) اللہ کی پناہ مانگے۔ بخاری مع الفتح ۳۳٦/٦ و مسلم ۱۲۰/۱

(۲) جس چیز میں شک ہے اس میں مزید سوچ بچار ترک کر دے بخاری مع الفتح ۳۳٦/٦ مسلم ۱۲۰/۱

۱۲٦ یہ کلمات کہے۔ آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ

میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا۔

مسلم ۱۱۹/۱-۱۲۰

۱۲۷۔ اللہ کا یہ فرمان پڑھے : هُوَ

اَلْأَوَّلُ، وَالآخِرُ، وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌ

وہی اول ہے وہی آخر وہی ظاہر ہے وہی باطن اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ ابوداؤد ۴/۳۲۹ البانی اور ارناؤوط نے اسے حسن کہا ہے۔

ادائیگی قرض کے لئے دعا

۱۲۸۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَأَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ٭

اے اللہ مجھے اپنے حلال کے ساتھ اپنے حرام سے کافی ہو جا اور مجھے اپنے فضل کے ساتھ اپنے علاوہ سب

سے غنی کر دے۔ترمذی ۵/۵۶۰ دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۸۰

۱۲۹- اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ، وَالْحُزْنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

اے اللہ میں فکر اور غم سے' اور عاجزی اور سستی سے اور بخل اور بزدلی سے اور قرض چڑھ جانے سے اور مردوں کے غلبے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

نماز میں یا قرآن پڑھتے ہوئے وسوسے آنے کی دعا

۱۳۰۔عثمان بن العاص فرماتے ہیں کہ میں نے عرض

کیا کہ یارسول اللہ! شیطان میرے درمیان اور میری نماز اور قراءت کے درمیان رکاوٹ بن گیا ہے۔ کہ وہ نماز اور قراءت مجھ پر خلط ملط کر دیتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ایک شیطان ہے جس کا نام خنزب ہے جب تم اسے محسوس کرو تو تین دفعہ اس سے اللہ کی پناہ مانگو اور بائیں طرف تین دفعہ تھوک دو۔

مسلم ۱۷۲۹/۴ اس روایت میں عثمانؓ فرماتے ہیں میں نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالٰی نے اسے مجھ سے دور کر دیا۔

اس شخص کی دعا جس پر کوئی کام مشکل ہو جائے

۱۳۱۔ اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَہٗ سَھْلًا

وَأَنْتَ تَجْعَلُ الحَزْنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلاً

یا اللہ کوئی کام آسان نہیں مگر جسے تو آسان کر دے اور تو جب چاہتا ہے تو مشکل کو آسان کر دیتا ہے۔

صحیح ابن حبان حدیث نمبر ۲۴۲۷ (موارد) ابن السنی حدیث نمبر ۳۵۱ حافظ نے فرمایا یہ حدیث صحیح ہے دیکھئے الاذکار نووی ص ۱۰۶ اور عمل الیوم واللیلہ لابن السنی تحقیق بشر محمد عیون ص ۱۷۱ حدیث نمبر ۳۵۱

گناہ کرے تو کیا کہے اور کیا کرے

۱۳۲۔ جو بندہ بھی کوئی گناہ کرے پھر اچھی طرح وضوء کرے پھر اٹھ کر دو رکعتیں پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگے تو اسے اللہ تعالیٰ بخش دیتا ہے۔

ابوداوَد ۸٦/۲ ترمذی ۲۵۷/۲ اور دیکھئے صحیح الجامع ۵/ ۱۷۳

وہ دعائیں جو شیطان اور اس کے وسوسوں کو دور کرتی ہیں

۱۳۳ (۱) شیطان سے اللہ کی پناہ مانگنا۔

ابوداوَد ۲۰٦/۱ ترمذی اور دیکھئے صحیح الترمذی ۷۷/۱ اور دیکھئے سورۃ المومنون آیت نمبر ۹۸-۹۹

۱۳۴ (۲) ازان مسلم ۲۹۱/۱ بخاری ۱۵۱/۱

۱۳۵ (۳) مسنون ازکار اور قرآن کی تلاوت

اپنے گھروں کو قبریں نہ بناوَ شیطان اس گھر سے بھاگتا ہے جس میں سورہ بقرہ پڑھی جائے۔ مسلم ۵۳۹/۱ اور صبح و شام اور سونے جاگنے کے ازکار گھر میں داخل ہونے اور نکلنے

کے اذکار، مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کے اذکار بھی شیطان کو بھگاتے ہیں اسی طرح دوسرے ثابت شدہ اذکار مثلاً سونے کے وقت آیۃ الکرسی پڑھنا، سورہ بقرہ کی آخری دو آیتیں پڑھنا اور جو شخص سو دفعہ پڑھے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شی قدیر۔ پورا دن شیطان سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اذان شیطان کو بھگاتی ہے۔

جب کوئی ایسا واقعہ ہو جائے جو اس کی مرضی کے خلاف ہو یا کوئی کام اس کی طاقت اور اختیار سے باہر ہو جائے تو کیا کہے۔

۱۳۶(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

طاقت ور مومن کمزور مومن سے بہتر اور اللہ کو زیادہ محبوب ہے اور دونوں میں بھلائی ہے جو کام تمہیں نفع دے اس کی حرص کرو اور اگر تمہیں کوئی نقصان پہنچ جائے تو یہ مت کہو کہ "اگر میں اس طرح کرتا تو یہ ہو جاتا" بلکہ یوں کہو

قَدَرَ اللّٰہُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ

اللہ تعالٰی نے تقدیر میں لکھا اور اس نے جو چاہا کیا کیونکہ لو (اگر) کا لفظ شیطان کا کام شروع کر دیتا ہے۔

مسلم ۴/۲۰۵۲

۱۳۷۔ (۲) اللہ تعالٰی عاجز رہ جانے (ہمت ہار دینے) پر ملامت کرتا ہے لیکن تم دانائی کا دامن پکڑے رکھو جب کوئی کام تمہارے اختیار سے باہر ہو جائے تو کہو

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

مجھے اللہ کافی ہے اور بہت اچھا کارساز ہے۔
ابوداؤد اور دیکھئے تخریج الاذکار للارنووط ص ۱۰۶

بچوں کو کون سے کلمات کے ساتھ پناہ دی جائے

۱۳۸۔ ابن عباس فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حسن اور حسین کو ان کلمات کے ساتھ پناہ دیا کرتے تھے۔

أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

میں تم دونوں کو ہر شیطان اور زہریلے جانور سے اور

ہر لگ جانے والی نظر سے اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ پناہ دیتا ہوں۔ بخاری ۱۱۹/۴

بیمار پرسی کے وقت مریض کے لئے دعا

۱۳۹ (۱) نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی بیمار کے پاس بیمار پرسی کے لئے جاتے تو اسے فرماتے

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

کوئی حرج نہیں یہ بیماری اللہ نے چاہا تو پاک کرنے والی ہے۔ بخاری مع الفتح ۱۱۸/۱۰

۱۴۰ (۲) کوئی مسلمان ایسے مریض کی بیمار پرسی کرے جس کی موت کا وقت نہ آپہنچا ہو اور سات دفعہ یہ کہے۔ تو اسے عافیت دی جاتی ہے۔

أَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيَكَ

"میں بڑی عظمت والے اللہ سے جو عرش عظیم کا رب ہے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفا دے"

ترمذی' ابوداؤد اور دیکھئے صحیح الترمذی ۲/۲۱۰ اور صحیح الجامع ۵/۱۸۰

بیمار پرسی کی فضیلت

۱۴۱۔ علی بن ابی طالب فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آدمی جب اپنے مسلم بھائی کی بیمار پرسی کے لئے جاتا ہے تو وہ جنت کے میووں میں چلتا ہے یہاں تک کہ بیٹھے تو جب بیٹھ جاتا

ہے تو اسے رحمت ڈھانپ لیتی ہے اگر صبح کا وقت ہو
تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے دعا کرتے
رہتے ہیں اور اگر شام کا وقت ہو تو ستر ہزار فرشتے صبح
تک دعا کرتے رہتے ہیں۔

ترمذی' ابن ماجہ' احمد اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۱/ ۲۴۴ اور
صحیح الترمذی ۱/۲۸۶ احمد شاکر نے بھی اسے صحیح کہا ہے۔

اس مریض کی دعا جو اپنی زندگی سے ناامید ہو چکا ہو

۱۴۲۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَأَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى

اے اللہ مجھے بخش دے' مجھ پر رحم کر اور مجھے سب

سے اونچے رفیق کے ساتھ ملا دے۔

بخاری ۷/۱۰ مسلم ۴/۱۸۹۳

۱۴۳ (۲) عائشہؓ فرماتی ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم (فوت ہونے کے وقت) اپنے دونوں ہاتھ پانی میں ڈال کر منہ پر پھیرنے لگے اور فرمانے لگے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ إِنَّ لِلْمَوْتِ لَسَكَرَاتٍ

اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہیں یقیناً موت کی کئی سختیاں ہیں۔ بخاری مع الفتح ۸/۱۴۴ اور اس حدیث میں مسواک کا ذکر بھی ہے۔

۱۴۴ - لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ

وَلَهُ الْحَمْدُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ

اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہیں۔ اکیلا ہے' اس کا کوئی شریک نہیں اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہیں۔ اسی کے لئے ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی بندگی کے لائق نہین اور نہ بچنے کی طاقت ہے نہ کچھ کرنے کی مگر اللہ کی مدد کے ساتھ۔ ترمذی ابن ماجہ' البانی نے اسے صحیح کہا ہے دیکھئے صحیح الترمذی ۱۵۲/۳ اور صحیح ابن ماجہ ۳۱۷/۲

قریب الموت کو تلقین

۱۴۵۔ جس کا آخری کلام لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ہو گا جنت میں داخل ہو گا۔ ابوداؤد ۳/۱۹۰ اور دیکھئے صحیح الجامع ۵/۳۴۲

جسے کوئی مصیبت پہنچے اس کی دعا

١٤٦- إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاَخْلِفْ لِيْ خَيْراً مِنْهَا

یقیناً ہم اللہ ہی کی ملکیت ہیں اور بلاشبہ ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور مجھے اس کے بدلے میں اس سے بہتر چیز عطا فرما۔ مسلم ۲/۶۳۲

میت کی آنکھیں بند کرتے وقت دعا

١٤٧- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِفُلَانٍ وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهُ فِيْ قَبْرِهِ وَنَوِّرْ لَهُ فِيْهِ

اے اللہ فلاں (نام لے کر کہے) کو بخش دے اور ہدایت پانے والوں میں اس کا درجہ بلند کر اور اس کے پیچھے رہنے والوں میں تو اس کا جانشین بن جا اور اے رب العالمین ہمیں اور اسے بخش دے اور اس کے لئے اس کی قبر میں کشادگی کر دے اور اس کے لئے اس میں روشنی کر دے- مسلم ۲/۶۳۴

میت پر جنازہ ادا کرتے وقت دعا

١٤٨- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَعَافِهِ، وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ، وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ، وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَأَبْدِلْهُ دَاراً خَيْراً مِنْ دَارِهِ وَأَهْلاً خَيْراً مِنْ أَهْلِهِ وَزَوْجاً خَيْراً مِنْ زَوْجِهِ، وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ [وَعَذَابِ النَّارِ]

اے اللہ اسے بخش دے اس پر رحم کر اسے عافیت دے' اسے معاف کر دے اور اس کی مہمانی باعزت کر اور اس کے داخل ہونے کی جگہ وسیع کر دے اور اسے پانی' برف اور اولوں کے ساتھ دھو دے اور

اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جس طرح
تو نے سفید کپڑے کو میل سے صاف کیا اور اسے اس
کے گھر کے بدلے بہتر گھر، گھر والوں کے بدلے بہتر
گھر والے اور بیوی کے بدلے بہتر بیوی عطا کر اور
اسے جنت میں داخل کر اور اسے قبر کے عذاب اور
آگ کے عذاب سے پناہ دے۔ مسلم ۲/۶۶۳

۱۴۹۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا، وَمَيِّتِنَا، وَشَاهِدِنَا، وَغَائِبِنَا، وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا، وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا. اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ

اے اللہ ہمارے زندہ ہمارے مردہ' ہمارے حاضر' ہمارے غائب' ہمارے چھوٹے' ہمارے بڑے ہمارے مرد اور ہماری عورتوں کو بخش دے۔ اے اللہ تو ہم میں سے جسے زندہ رکھے اسے اسلام پر زندہ رکھ اور جسے مارے اسے ایمان پر مار۔ اے اللہ ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کر اور ہمیں اس کے بعد گمراہ نہ کر۔

ابن ماجہ ۱/۴۸۰ احمد ۲/۳۶۸ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۱/ ۲۵۱

۱۵۰۔ اَللّٰهُمَّ إِنَّ فُلانَ بْنَ فُلانٍ فِي ذِمَّتِكَ، وَحَبْلِ جِوَارِكَ، فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ، وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ. فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

(۳) اے اللہ فلاں بن فلاں تیرے ذمے اور تیری پناہ میں ہے پس اسے قبر کی آزمائش اور آگ کے عذاب سے بچا تو وفا اور حق والا ہے پس اسے بخش دے اور اس پر رحم کر یقیناً تو ہی بخشنے والا بے حد مہربان ہے۔ ابن ماجہ۔ دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲۵۱/۱ اور ابوداؤد ۲۱۱/۳

۱۵۱- اَللّٰهُمَّ عَبْدُكَ وَابْنُ أَمَتِكَ احْتَاجَ إِلَىٰ رَحْمَتِكَ، وَأَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهِ إِنْ كَانَ مُحْسِناً فَزِدْ فِي حَسَنَاتِهِ وَإِنْ كَانَ مُسِيئاً فَتَجَاوَزْ عَنْهُ

اے اللہ تیرا بندہ تیری بندی کا بیٹا تیری رحمت کا محتاج ہو گیا ہے اور تو اس کو عذاب دینے سے غنی ہے اگر نیکی کرنے والا تھا تو اس کی نیکیوں میں اضافہ کر اور اگر

برائی کرنے والا تھا تو اس سے درگزر کر۔

حاکم نے اسے روایت کیا اور صحیح کہا۔ اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے ۱/۳۵۹ اور دیکھئے احکام الجنائز للالبانی ص ۱۲۵

بچے پر جنازے کی دعا

۱۵۲(۱) مغفرت کی دعا کے بعد یہ دعا کی جائے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ فَرَطاً وَذُخْراً لِوَالِدَيْهِ، وَشَفِيعاً مُجَاباً اَللّٰهُمَّ ثَقِّلْ بِهِ مَوَازِيْنَهُمَا وَأَعْظِمْ بِهِ أُجُوْرَهُمَا، وَأَلْحِقْهُ بِصَالِحِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَقِهِ بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ الْجَحِيْمِ

اے اللہ اسے اس کے ماں باپ کے لئے پہلے جا کر مہمانی کی تیاری کرنے والا اور ذخیرہ بنا دے اور ایسا سفارشی بنا جس کی سفارش قبول ہو۔ اے اللہ اس کے ساتھ ان دونوں کے ترازو بھاری کر دے اور اس کے ذریعے ان کے اجر بڑھا اور اسے صالح مومنوں کے ساتھ ملا دے

اور اپنی رحمت سے اسے آگ کے عذاب سے بچا۔

الدروس المهمة لعامة الامة۔ شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز ص ۱۵

۱۵۳(۲) حسن (بصری) بچے پر فاتحہ پڑھتے اور کہتے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطاً، وَسَلَفاً، وَأَجْراً

اے اللہ اسے ہمارے لئے پہلے جا کر مہمانی تیار کرنے

والا' پیشرو اور اجر بنا دے۔ شرح السنۃ بغوی ۳۵۷/۵
اور بغوی نے فرمایا کہ بخاری نے اسے معلق بیان کیا ہے۔

تعزیت کی دعا

۱۵۴۔ إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ، وَلَهُ مَا أَعْطٰى وَكُلٌّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى... فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ

اللہ ہی کا ہے جو اس نے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے دیا اور اس کے پاس ہر چیز مقرر وقت کے ساتھ ہے۔ اس لئے تمہیں چاہئے کہ صبر کرو اور ثواب کی نیت رکھو۔ بخاری ۸۰/۲ مسلم ۶۳۶/۲

اور اگر یوں کہے تو اچھا ہے:

أَعْظَمَ اللهُ أَجْرَكَ، وَأَحْسَنَ عَزَاءَكَ وَغَفَرَ لِمَيِّتِكَ

اللہ تعالیٰ تمہیں عظیم اجر دے اور تمہیں بہت اچھی تسلی عطا فرمائے اور تمہارے میت کو بخشے۔

الاذکار للنووی ص ۱۲۶

میت کو قبر میں داخل کرتے وقت دعا

۱۵۵۔ بِسْمِ اللهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللهِ

اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر (تمہیں قبر میں داخل کرتا ہوں)

ابوداؤد ۳/۳۱۴ سند صحیح ہے۔ احمد کے الفاظ یہ ہیں " بسم اللّٰہ وعلی ملۃ رسول اللّٰہ" یعنی اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ کی ملت پر۔ اور اس کی سند بھی صحیح ہے۔

میت کو دفن کرنے کے بعد دعا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب میت کو دفن کرنے سے فارغ ہوتے تو اس پر ٹھہرتے اور فرماتے : اپنے بھائی کے لئے بخشش مانگو اور اس کے لئے ثابت قدم رکھنے کی دعا کرو کیونکہ اب اس سے سوال کیا جا رہا ہے۔ ابوداؤد ۳/۳۱۵ اور حاکم نے اسے روایت کر کے صحیح کہا ہے اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے ۱/۳۷۰

قبروں کی زیارت کی دعا

۱۵۷- اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ نَسْأَلُ اللهَ لَنَا وَلَكُمْ

اَلْعَافِيَةَ
اے اس گھر والے مومنو اور مسلمو! تم پر سلام ہو اور ہم ان شاء اللہ تمہیں ملنے والے ہیں۔ ہم اپنے لئے اور تمہارے لئے اللہ سے عافیت کا سوال کرتے ہیں۔ مسلم ۲/۶۷۱۔

ہوا چلتے وقت دعا

۱۵۸ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا

اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

ابوداؤد ۴/۳۲۶، ابن ماجہ ۲/۱۲۲۸ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/۳۰۵

۱۵۹- اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا، وَخَيْرَ مَا فِيهَا، وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا، وَشَرِّ مَا فِيهَا، وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا جو اس میں ہے اور اس چیز کی بھلائی کا جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس کی برائی سے اور اس چیز کی برائی سے جو اس میں ہے اور اس چیز کی برائی سے جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے۔ مسلم ۶۱۶/۲ بخاری ۷۶/۴

بادل گرجنے کی دعا

عبداللہ بن زبیر جب بادل کی گرج سنتے تو باتیں

چھوڑ دیتے اور پڑھتے:

سُبْحَانَ الَّذِيْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ

پاک ہے وہ جو گرج اس کی حمد کے ساتھ تسبیح پڑھتی ہے اور فرشتے اس کے خوف سے (اس کی تسبیح پڑھتے ہیں- موطا ۲/۹۹۲- البانی نے فرمایا صحابی سے اس عمل کی سند صحیح ہے-

بارش کی چند دعائیں

۱۶۱- اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثاً مُغِيْثاً مَرِيْئاً مُرِيْعاً، نَافِعاً غَيْرَ ضَارٍّ، عَاجِلاً غَيْرَ آجِلٍ

اے اللہ ہمیں بارش عطا فرما مدد کرنے والی خوشگوار سرسبز کرنے والی۔ فائدہ پہنچانے والی نقصان نہ دینے والی۔ جلدی جو دیر والی نہ ہو۔ ابوداؤد ۱/۳۰۳ سند صحیح ہے۔

۱٦۲- اَللّٰهُمَّ أَغِثْنَا، اَللّٰهُمَّ أَغِثْنَا اَللّٰهُمَّ أَغِثْنَا

اے اللہ ہمیں بارش دے۔ اے اللہ ہمیں بارش دے اے اللہ ہمیں بارش دے۔ بخاری ۱/۲۲۴، مسلم ۲/٦۱۳

۱٦۳- اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ، وَبَهَائِمَكَ، وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَأَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ

اے اللہ اپنے بندوں اور اپنے جانوروں کو پانی پلا اور اپنی رحمت پھیلا دے اور اپنے مردہ شہر کو زندہ کر

دے۔ ابوداؤد ۱/۳۰۵ اور دیکھئے الاذکار للنووی ص ۱۵۰

بارش اترتے وقت دعا

١٦٤۔ اَللّٰهُمَّ صَيِّباً نَافِعاً

اے اللہ اسے نفع دینے والی بارش بنا دے۔

بخاری مع الفتح ۲/۵۱۸

بارش اترنے کے بعد دعا

۱۶۵۔ مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللهِ وَرَحْمَتِهِ

ہم پر اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے بارش ہوئی۔ بخاری ۱/۲۰۵۔ مسلم ۱/۸۳

مطلع صاف کرنے کے لئے دعا

١٦٦۔ اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا

اَللّٰهُمَّ عَلَى الْآكَامِ وَالظِّرَابِ، وَبُطُونِ الْأَوْدِيَةِ، وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ

اے اللہ ہمارے اردگرد بارش برسا ہم پر نہ برسا۔ اے اللہ ٹیلوں اور پہاڑیوں پر اور وادیوں کی نچلی جگہوں میں اور درخت اگنے کی جگہوں میں بارش برسا۔ بخاری ۱/۲۲۴، مسلم ۲/۶۴

چاند دیکھنے کی دعا

۱۶۷۔ اللّٰهُ أَكْبَر، اَللّٰهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْأَمْنِ، وَالْإِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ، وَالْإِسْلَامِ، وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضَى رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ

اللہ سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ تو اسے ہم پر طلوع کر۔ امن ' ایمان ' سلامتی اور اسلام کے ساتھ اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ جس سے تو محبت کرتا اور جسے پسند کرتا ہے (اے چاند) ہمارا رب اور تیرا رب اللہ ہے۔ ترمذی ۵/۵۰۴ دارمی (الفاظ دارمی کے ہیں) ۳۳۶/۱ اور دیکھئے صحیح ترمذی ۳/۱۵۷

روزہ کھولنے کے وقت دعا

۱٦۸۔ ذَهَبَ الظَّمَأُ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ، وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللهُ

پیاس چلی گئی رگیں تر ہو گئیں اور اگر اللہ نے چاہا تو اجر ثابت ہو گیا ابوداؤد ۳۰۶/۲ وغیرہ اور دیکھئے صحیح

الجامع ۴/۲۰۹

۱۶۹ (۲) عبداللہ بن عمرو بن عاص بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ دار کے لئے روزہ کھولتے وقت ایک دعا ہے جو رد نہیں کی جاتی۔ ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عمرو روزہ کھولتے وقت یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ، أَنْ تَغْفِرَ لِيْ

اے اللہ میں تجھ سے تیری اس رحمت کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو ہر چیز پر وسیع ہے کہ تو مجھے بخش دے۔ ابن ماجہ ۱/۵۵۷ اور حافظ نے الاذکار کی تخریج میں اسے حسن کہا ہے۔ دیکھئے شرح الاذکار ۴/۳۴۲

کھانے سے پہلے دعا

(۱) جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو پڑھے

بسم اللہ :

اللہ کے نام کے ساتھ (کھاتا ہوں)

اور اگر شروع میں بھول جائے تو کہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ أَوَّلِهٖ وَآخِرِهٖ

اللہ کے نام کے ساتھ (کھانا کھاتا ہوں) اس کے شروع میں اور اس کے آخر میں

(۲) جسے اللہ تعالیٰ کھانا کھلائے وہ یہ کہے۔

ابوداؤد ۳/۳۴۷' ترمذی ۴/۲۸۸ اور دیکھیے صحیح الترمذی ۲/۱۶۷

۱۷۱ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَأَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ،

اے اللہ ہمارے لئے اس میں برکت فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھلا۔

اور جسے اللہ تعالیٰ دودھ پلائے وہ یہ کہے:

اللھم بارک لنا فیہ وزدنا منہ:

اے اللہ ہمارے لئے اس میں برکت فرما اور ہمیں اس میں سے زیادہ دے۔

ترمذی ۵/۵۰۶ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۵۸

کھانے سے فارغ ہو کر دعا

۱۷۲۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هٰذَا، وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا

قُوَّةٍ

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری کسی بھی کوشش اور طاقت کے بغیر مجھے یہ کھانا عطا کیا۔

ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۵۹

۱۷۳۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْداً كَثِيراً طَيِّباً مُبَارَكاً فِيهِ غَيْرَ [مَكْفِيٍّ وَلَا] مُوَدَّعٍ ، وَلَا مُسْتَغْنىً عَنْهُ رَبَّنَا

تمام تعریف اللہ کے لئے ہے، تعریف بہت زیادہ، پاکیزہ جس میں برکت کی گئی ہے جسے نہ کافی سمجھا گیا ہے (کہ مزید کی ضرورت نہ ہو) نہ چھوڑا گیا ہے اور نہ اس سے بے پروائی کی گئی ہے اے ہمارے رب۔

بخاری ۶/ ۲۴۳، ترمذی ۵/ ۵۰۷

کھانا کھلانے والے کے لئے مہمان کی دعا

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ، وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

اے اللہ تو نے انہیں جو کچھ دیا ہے اس میں ان کے لئے برکت فرما اور انہیں بخش دے اور ان پر رحم کر۔

مسلم ۳/ ۱۶۱۵

جو شخص کچھ پلائے یا پلانے کا ارادہ کرے اس کے لئے دعا

۱۷۵۔ اَللّٰهُمَّ أَطْعِمْ مَنْ أَطْعَمَنِي وَاسْقِ مَنْ سَقَانِي

اللہ جو مجھے کھلائے تو اسے کھلا اور جو مجھے پلائے تو اس کو پلا۔ مسلم ۳/۱۲۶

جب کسی گھر والوں کے ہاں روزہ افطار کرے تو یہ دعا کرے

۱۷۶۔ أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ، وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ، وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

تمہارے پاس روزہ دار افطار کرتے رہیں اور تمہارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور فرشتے تمہارے لئے دعا کریں۔ سنن ابی داؤد ۳/۳۶۷ اور البانی نے الکلم الطیب کی تخریج میں اسے صحیح کہا ہے ص ۱۰۳

دعا جب کھانا حاضر ہو اور روزہ دار روزہ نہ کھولے

۱۷۷۔ جب تم میں کسی کو بلایا جائے تو دعوت قبول کرے اگر روزہ دار ہو تو دعا کر دے اور اگر روزہ نہ ہو تو کھانا کھا لے۔ مسلم ۲/۱۰۵۴

پہلا پھل دیکھنے کے وقت دعا

۱۷۸۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا

اے اللہ ہمارے لئے ہمارے پھل میں برکت فرما اور ہمارے لئے ہمارے شہر میں برکت فرما اور ہمارے لئے

ہمارے صاع میں برکت فرما اور ہمارے لئے ہمارے مد میں برکت فرما۔ مسلم ۲/۱۰۰۰

چھینک کی دعا

۱۷۹۔ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ،

تمام تعریف اللہ کے لئے ہے۔ اور اس کا بھائی اسے کہے

یَرْحَمُكَ اللّٰہُ،

اللہ تجھ پر رحم کرے

اور جب اس کا بھائی اسے یرحمک اللہ کہے تو وہ یہ کہے

يَهْدِيكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارا حال درست کرے۔

بخاری ۷/۱۲۵

شادی کرنے والے کے لئے دعا

۱۸۰۔ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ، وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ

اللہ تیرے لئے برکت کرے اور تجھ پر برکت کرے اور تم دونوں کو خیر میں اکٹھا کرے۔

ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱/۳۱۶

شادی کرنے والے کی اپنے لئے دعا اور سواری خریدنے کی دعا

۱۸۱۔ جب تم میں سے کوئی شخص شادی کرے یا خادمہ (لونڈی) خریدے تو یہ کہے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ،

اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس پر تو نے اسے پیدا ہے اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس کے شر سے اور اس چیز کے شر سے جس پر تو نے اسے پیدا کیا ہے۔

اور جب کوئی اونٹ خریدے تو اس کی کوہان کی چوٹی پکڑے اور یہی دعا پڑھے۔

ابوداؤد ۲/۲۴۸، ابن ماجہ ۱/۶۱۷ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۱/۳۲۴

جماع سے پہلے دعا

۱۸۲۔ بِسْمِ اللّٰہِ. اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا

اللہ کے نام کے ساتھ۔ اے اللہ ہمیں شیطان سے بچا۔ اور جو (اولاد) تو ہمیں عطا کرے اسے بھی شیطان سے بچا۔ بخاری ۶/۱۴۱ مسلم ۲/۱۰۲۸

غصے کی دعا

۱۸۳۔ أَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ

الرَّجِيْمِ
میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

بخاری ۷/۹۹، مسلم ۴/۲۰۱۵ء

مصیبت زدہ کو دیکھے تو یہ پڑھے

١٨٤۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلاً

تمام تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس نے مجھے اس چیز سے عافیت دی جس میں تجھے مبتلا کیا اور اس نے مجھے اپنے پیدا کئے ہوئے بہت سے لوگوں پر بڑی فضیلت بخشی۔

ترمذی ۵/۴۹۴ و ۵/۴۹۳ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/ ۱۵۳

مجلس میں پڑھنے کی دعا

۱۸۵- ابن عمر بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ایک مجلس میں اٹھنے سے پہلے سو دفعہ یہ دعا شمار کی جاتی تھی۔

رَبِّ اغْفِرْ لِي

وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُورُ

اے میرے رب مجھے بخش دے اور مجھ پر رجوع فرما یقیناً تو ہی بہت رجوع کرنے والا بہت بخشنے والا ہے۔

ترمذی وغیرہ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/ ۱۵۳ اور صحیح ابن ماجہ ۲/ ۳۲۱- لفظ ترمذی کے ہیں۔

مجلس کے گناہ دور کرنے کی دعا

۱۸٦۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

اے اللہ تو پاک ہے اور اپنی حمد کے ساتھ۔ میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔ ترمذی' ابوداؤد' نسائی' ابن ماجہ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳ / ۱۵۳

وہ کلمات جن کے ساتھ تمام مجالس ختم کرنی چاہئیں

۱۸۷۔ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں : رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم نہ کبھی کسی مجلس میں بیٹھے نہ کبھی
قرآن پڑھا نہ کوئی نماز پڑھی مگر (ہمیشہ) ان کلمات کے
ساتھ ختم کیا۔ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ
میں آپ کو دیکھتی ہوں کہ آپ کسی مجلس میں بیٹھتے
ہیں نہ قرآن سے کچھ پڑھتے ہیں نہ ہی کوئی نماز پڑھتے
ہیں مگر ان کلمات کے ساتھ ختم کرتے ہیں! فرمایا ہاں!
جو کوئی بھلائی کی بات کہے گا یہ کلمات اس بھلائی پر مہر
بنا کر لگا دیئے جائیں گے اور جو کوئی بری بات کہے
اس کے لئے کفارہ ہوں گے۔

سُبْحَانَكَ، وَبِحَمْدِكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا
أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ

پاک ہے تو اور اپنی تعریف کے ساتھ۔ تیرے علاوہ

کوئی عبادت کے لائق نہیں میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

عمل الیوم واللیلہ نسائی ص ۲۷۳ مسند احمد ۶/۷۷ ڈاکٹر فاروق حمادہ نے کہا اس کی سند صحیح ہے۔

جو شخص کہے "غفراللہ لک" یعنی اللہ تجھے بخشے اس کے لئے دعا

۱۸۸۔ عبداللہ بن سرجس فرماتے ہیں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو آپ کے کھانے میں سے کھایا پھر میں نے کہا

غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اے اللہ کے رسول اللہ تعالی آپ کو بخشے آپ نے فرمایا

وَلَكَ اور تجھے بھی (بخشے)

احمد ۵/۸۲ عمل الیوم واللیلہ نسائی ص ۲۱۸ حدیث ۴۲۱

جو اچھا سلوک کرے اس کے لئے دعا

۱۸۹۔ جس کے ساتھ کوئی اچھا سلوک کیا جائے اور وہ سلوک کرنے والے کو کہے

جَزَاكَ اللهُ خَيْراً

تجھے اللہ تعالیٰ اچھی جزا دے۔ تو اس نے تعریف میں مبالغہ کیا۔

ترمذی حدیث ۲۰۳۵ دیکھئے صحیح الجامع ۳۴۴ اور صحیح الترمذی ۲/۲۰۰

وہ ذکر جس کے ساتھ آدمی دجال کے فتنے سے محفوظ رہتا ہے۔

۱۹۰۔ (ا) جو شخص سورہ کہف کے شروع سے دس آیات حفظ کر لے وہ شیطان سے محفوظ رہے گا۔
(ب) ہر نماز کے آخری تشہد کے بعد دجال کے فتنے سے پناہ مانگنا۔ (ا) مسلم ۱/۵۵۵

ب) دیکھئے اسی کتاب کی حدیث ۵۵ و ۵۶

جو شخص کہے "مجھے تم سے اللہ کے لئے محبت ہے" اس کے لئے دعا

۱۹۱۔ أَحَبَّكَ ٱلَّذِيْ أَحْبَبْتَنِيْ لَهُ

وہ اللہ تجھ سے محبت کرے جس کے لئے تو نے مجھ

سے محبت کی۔ ابوداؤد ۴/۳۳۳ سند صحیح ہے

جو شخص تمہارے لئے اپنا مال پیش کرے اس کے لئے دعا

۱۹۲۔ بَارَكَ اللهُ لَكَ فِيْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ

اللہ تمہارے لئے تمہارے اہل اور مال میں برکت کرے۔ بخاری مع الفتح ۴/۸۸

قرض ادا کرتے ہوئے قرض دینے والے کے لئے دعا

۱۹۳۔ بَارَكَ اللهُ لَكَ فِيْ أَهْلِكَ

وَمَالِكَ، إِنَّمَا جَزَاءُ السَّلَفِ الْحَمْدُ وَالْأَدَاءُ

اللہ تعالیٰ تیرے لئے تیرے اہل اور مال میں برکت کرے۔ قرض کا بدلہ تو صرف تعریف اور ادا کرنا ہے۔ عمل الیوم واللیلہ نسائی ص ۳۰۰، ابن ماجہ ۲/۸۰۹ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/۵۵

شرک سے خوف کی دعا

۱۹۴۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ وَأَنَا أَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں جانتے ہوئے تیرے ساتھ (کسی کو) شریک بناؤں۔ اور

اس (شرک) سے تیری بخشش مانگتا ہوں جو میں نہیں جانتا۔ احمد ۴/۴۰۳ وغیرہ اور دیکھئے صحیح الجامع ۳/۲۳۳ اور صحیح الترغیب والترھیب للالبانی ۱/۱۹

جو کسی کو ہدیہ دے یا صدقہ کرے اور اس کے لئے دعا کی جائے تو کیا کہے

۱۹۵۔ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک بکری ہدیہ دی گئی۔ آپ نے فرمایا اسے تقسیم کر دو۔ خادم جب واپس آتا تو عائشہ پوچھتی تھیں کہ انہوں نے (جن کو گوشت بھیجا گیا) کیا کہا۔ خادم کہتا وہ کہتے تھے۔

بَارَكَ اللهُ فِيكُمْ

اللہ تم میں برکت کرے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتیں۔

وَفِيهِمْ بَارَكَ اللهُ

اللہ تعالیٰ ان میں بھی برکت کرے۔

ہم انہیں وہی دعا دیں گے جو انہوں نے ہمیں دی اور ہمارا اجر ہمارے لئے باقی رہے گا۔

ابن السنی ص ۱۳۸ حدیث ۲۷۸ اور دیکھئے الوابل الصیب لابن القیم ص ۳۰۴

بدفالی کی کراہت کی دعا

۱۹۶۔ اَللّٰهُمَّ لَا طَيْرَ إِلَّا طَيْرُكَ وَلَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ

اے اللہ نہیں کوئی پرندہ مگر تیرا پرندہ اور نہیں خیر مگر تیری خیر اور تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

احمد ۲/۲۲۰ ابن السنی حدیث ۲۹۲ اور دیکھیے الاحادیث الصحیحہ ۱۰۶۵

چوپائے یا کسی سواری پر سوار ہونے کی دعا

١٩٧۔ بِسْمِ اللهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، الحمد لله، الحمد لله، اللهُ أَكْبَرُ، الله أكبر، الله أكبر، سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ، فَإِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ

اللہ کے نام کے ساتھ تمام تعریف اللہ کے لئے ہے
پاک ہے وہ جس نے اسے ہمارے لئے مسخر کر دیا
حالانکہ ہم اسے ملنے والے نہیں تھے اور یقیناً" ہم
اپنے رب کی طرف پلٹنے والے ہیں۔ الحمدللہ الحمدللہ
الحمدللہ۔ اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر پاک ہے تو اے
اللہ یقیناً" میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے پس مجھے
بخش دے کیونکہ تیرے علاوہ کوئی گناہوں کو نہیں
بخشتا۔

ابوداؤد ۳/ ۳۴ ترمذی ۵/۵۰۱ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/ ۱۵۶

سفر کی دعا

۱۹۸۔ اللهُ أكبر، اللهُ أكبر، اللهُ أكبر،
سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَه

مُقْرِنِيْنَ وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى، وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى، اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهُ، اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِيْ السَّفَرِ، وَالْخَلِيْفَةُ فِيْ الْأَهْلِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِيْ الْمَالِ وَالْأَهْلِ،

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لئے مسخر کر دیا حالانکہ ہم اسے ملنے والے نہ تھے اور ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں، اے اللہ ہم اپنے اس سفر میں تجھ سے نیکی اور تقوی

کا سوال کرتے ہیں اور اس عمل کا جسے تو پسند کرے سوال کرتے ہیں۔ اے اللہ ہمارا یہ سفر ہم پر آسان فرما دے اور اس کی دوری ہم سے تہ کر دے۔ اے اللہ تو ہی سفر میں ساتھی اور گھر والوں میں نائب ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے سفر کی مشقت سے اور مال اور اہل میں منظر کے غم سے اور ناکام لوٹنے کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اور جب واپس لوٹتے تو یہی کلمات کہتے اور یہ الفاظ زیادہ کہتے۔

آیِبُوْنَ، تَائِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ، لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ

ہم واپس لوٹنے والے' توبہ کرنے والے' عبادت کرنے

والے' اپنے رب ہی کی حمد کرنے والے ہیں۔

مسلم ۹۹۸/۲

بستی یا شہر میں داخل ہونے کی دعا

۱۹۹۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظْلَلْنَ، وَرَبَّ الْأَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا أَقْلَلْنَ، وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنَ وَمَا أَضْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ. أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ أَهْلِهَا، وَخَيْرَ مَا فِيْهَا، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا، وَشَرِّ أَهْلِهَا، وَشَرِّ مَا فِيْهَا

اے اللہ اے ساتوں آسمانوں کے رب اور ان چیزوں

کے رب جن پر انہوں نے سایہ کیا ہے اور ساتوں
زمینوں کے رب اور جن چیزوں کو انہوں نے اٹھایا
ہے اور شیطانوں کے رب اور ان چیزوں کے جنہیں
انہوں نے گمراہ کیا ہے اور ہواؤں کے رب اور جو کچھ
انہوں نے اڑایا ہے۔
میں تجھ سے اس بستی کی خیر اور اس کے رہنے والوں
کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس چیز کی خیر کا سوال کرتا
ہوں جو اس میں ہے اور میں اس کے شر سے اور
اس کے رہنے والوں کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں
اور ان چیزوں کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو اس
میں ہیں۔
حاکم نے اسے روایت کر کے صحیح کہا ہے اور ذہبی نے

اس کی موافقت کی ۲/۱۰۰' ابن السنی ۵۲۴۔ حافظ نے الاذکار
کی تخریج میں اسے حسن کہا ہے ۵/۱۵۴۔ ابن باز نے فرمایا
اسے نسائی نے حسن سند کے ساتھ روایت کیا ہے دیکھئے تحفۃ
الاخیار ص ۳۷

بازار میں داخل ہونے کی دعا

۲۰۰۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ
لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ
وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے اس
کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کے لئے
حمد ہے زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے مرتا

نہیں ہے اسی کے ہاتھ میں خیر ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ترمذی ۵/۴۹۱ حاکم ۱/۵۳۸ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۲/ ۱۵۲

جانور یا سواری کے گرنے کی دعا

(۲۰۱) بِسْمِ اللهِ اللہ کے نام کے ساتھ

ابوداؤد ۴/۲۹۶ اور اس کی سند صحیح ہے۔

مسافر کی مقیم کے لئے دعا

۲۰۲۔ أَسْتَوْدِعُكُمُ اللهَ الَّذِي لَا تَضِيعُ وَدَائِعُهُ

میں تمہیں اس اللہ کے سپرد کرتا ہوں جس کے سپرد کی ہوئی چیزیں ضائع نہیں ہوتیں۔

احمد ۲/۴۰۳ ابن ماجہ ۲/۹۴۳ اور دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۲/۱۳۳

مقیم کی مسافر کے لئے دعا

۲۰۳۔ أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ، وَأَمَانَتَكَ، وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ

میں تیرے دین' تیری امانت اور تیرے اعمال کے خاتموں کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

احمد ۲/۷ ترمذی ۵/۴۹۹ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۲/۱۵۵

۲۰۴۔ زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى، وَغَفَرَ ذَنْبَكَ، وَيَسَّرَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كُنْتَ

اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کا زادراہ عطا فرمائے اور تیرے گناہ بخشے اور تو جہاں بھی ہو تیرے لئے نیکی میسر کرے۔ ترمذی اور دیکھئے صحیح الترمذی ۱۵۵/۳

اونچی جگہوں پر تکبیر اور نیچے اترتے وقت تسبیح

۲۰۵۔ جابر رضی اللہ عنہ۔ فرماتے ہیں ہم جب اوپر چڑھتے تو تکبیر (اللہ اکبر) کہتے تھے اور نیچے اترتے تو تسبیح (سبحان اللہ) کہتے تھے۔ بخاری مع الفتح ۱۳۵/۶

مسافر کی دعا جب صبح کرے

۲۰۶۔ سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللهِ،

وَحُسْنِ بَلَائِهِ عَلَيْنَا. رَبَّنَا صَاحِبْنَا، وَأَفْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذاً بِاللهِ مِنَ النَّارِ

ایک سننے والے نے (ہماری) اللہ کی حمد اور اس کے ہم پر اچھے انعامات کو سنا۔ اے ہمارے رب ہمارا ساتھی بن اور ہم پر فضل فرما۔ آگ سے اللہ کی پناہ مانگتے ہوئے۔ (یہ دعا کرتا ہوں) مسلم ۲۰۸۶/۴

سفر وغیرہ میں جب کسی منزل پر اترے

۲۰۷۔ «أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ»

میں اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں۔ اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔ مسلم ۲۰۸۰/۴

سفر سے واپسی کی دعا

۲۰۸۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی جنگ یا حج سے لوٹتے تو ہر بلند جگہ پر تین دفعہ اللہ اکبر کہتے پھر یہ دعا پڑھتے۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، آيِبُونَ، تَائِبُونَ، عَابِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ، وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهٗ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ملک ہے اسی کی حمد

ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ہم واپس لوٹنے والے، توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے صرف اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں۔ اللہ نے اپنا وعدہ سچا کیا اور اپنے بندے کی مدد کی اور اکیلے نے لشکروں کو شکست دی۔ بخاری ۷/۱۶۳، مسلم ۲/۹۸۰

خوش کرنے والی یا ناپسندیدہ چیز پیش آنے پر کیا کہے

۲۰۹۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی خوش کرنے والی چیز پیش آتی تو فرماتے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهِ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ»

سب تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس کی نعمت سے اچھے کام مکمل ہوتے ہیں

اور جب کوئی ایسی چیز پیش آتی جو آپ کو ناپسندیدہ ہوتی تو فرماتے۔

اَلحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ

ہر حال پر تمام تعریف اللہ کے لئے ہے۔

عمل الیوم و اللیلہ لابن السنی۔ حاکم نے اسے روایت کر کے صحیح کہا ہے ۱/۴۹۹۔ البانی نے صحیح الجامع میں اسے صحیح کہا ہے ۴/۲۰۱

نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر صلاۃ (درود) کی فضیلت

۲۱۰۔ (۱) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص

مجھ پر ایک دفعہ صلاۃ پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر دس دفعہ رحمت بھیجتا ہے۔ مسلم ۱/۲۸۸

۲۱۱۔ (۲) اور آپ نے فرمایا میری قبر کو میلہ گاہ نہ بنانا اور تم جہاں بھی ہو مجھ پر صلاۃ پڑھو کیونکہ تم جہاں کہیں بھی ہو تمہاری صلاۃ مجھے پہنچتی ہے۔

ابوداؤد ۲/۲۱۸ احمد ۲/۳۶۷ اور دیکھئے الاذکار للنووی ص ۹۷ بتحقیق عبدالقادر الارنؤوط

۲۱۲۔ (۳) اور آپ نے فرمایا بخیل وہ ہے جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے تو وہ مجھ پر صلاۃ نہ بھیجے۔

ترمذی ۵/۵۵۱ وغیرہ اور دیکھئے صحیح الجامع ۳/۲۵ اور صحیح الترمذی ۳/۱۷۷

سلام عام کرنا

۲۱۳- (۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم جنت میں داخل نہیں ہو گے۔ یہاں تک کہ مومن بنو اور مومن نہیں بنو گے یہاں تک کہ ایک دوسرے سے محبت کرو۔ کیا تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں کہ جب تم اس پر عمل کرو گے تو ایک دوسرے سے محبت کرو گے۔ آپس میں سلام خوب پھیلاؤ۔ مسلم ۱/۴۷ وغیرہ

۲۱۴- (۲) عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ تین چیزیں ایسی ہیں کہ جو شخص ان تینوں کو حاصل کر لے اس نے ایمان جمع کر لیا۔ اپنی ذات سے انصاف۔ (تمام) جہان والوں کے لئے سلام پھیلانا اور تنگدستی

میں خرچ کرنا۔

بخاری مع الفتح ۱/ ۸۲ موقوف معلق (قول صحابی)

۲۱۵۔ (۳) عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ اسلام کی کون کون سی چیزیں سب سے اچھی ہیں: آپ نے فرمایا۔ یہ کہ تو کھانا کھلائے اور جسے پہچانتا ہے اور جسے نہیں پہچانتا (سب کو) سلام کہے۔ بخاری مع الفتح ۱/ ۵۵ مسلم ۱/ ۶۵

مرغ بولنے اور گدھا ھینگنے کے وقت دعا

۲۱۶۔ جب تم مرغ کی اذان سنو تو اللہ سے اس کے فضل کا سوال کرو۔ یعنی یہ پڑھو **اللّٰھم انی اسئلک من فضلک** کیونکہ اس نے فرشتہ دیکھا ہے اور جب

گدھے کی آواز سنو تو شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو کیونکہ اس نے شیطان دیکھا ہے۔ یعنی یہ پڑھو اعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم

بخاری مع الفتح ۶/۳۵۰ مسلم ۴/۲۰۹۲

رات کتوں کا بھونکنا سن کر دعا

۲۱۷۔ جب تم رات کتوں کا بھونکنا اور گدھوں کا ہینگنا سنو تو ان سے اللہ کی پناہ مانگو کیونکہ وہ ایسی چیزیں دیکھتے ہیں جو تم نہیں دیکھتے۔

ابوداؤد ۴/۳۲۷' احمد ۳/۳۰۶' البانی نے الکلم الطیب کی تخریج میں اسے صحیح کہا ہے۔

اس شخص کے لئے دعا جسے تم نے برا بھلا کہا

ہو (گالی دی ہو)

۲۱۸- ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا

اَللّٰھُمَّ فَأَیُّمَا مُؤمِنٍ سَبَبْتُہٗ فَاجْعَلْ ذٰلِكَ لَهٗ قُرْبَةً إِلَیْكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

اے اللہ جس مومن کو میں نے برا بھلا کہا ہو تو قیامت کے دن اس برا بھلا کہنے کو اس کے لئے اپنے قریب ہونے کا ذریعہ بنا دے۔

بخاری مع الفتح ۱۱/۱۷۱، مسلم ۴/۲۰۰۷۔ مسلم کے لفظ یہ ہیں فاجعلها له زكاة ورحمة۔

کوئی مسلم جب کسی مسلم کی تعریف کرے

تو کیا کہے

۲۱۹۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی نے ضرور ہی کسی کی تعریف کرنی ہو تو یہ کہے میں فلاں کے متعلق گمان کرتا ہوں اور اللہ اس کا حساب لینے والا ہے اور میں کسی کو اللہ کے سامنے پاک قرار نہیں دیتا۔ میں فلاں کو ایسا ایسا (نیک یا مخلص وغیرہ) سمجھتا ہوں۔ یہ تعریف بھی اس وقت کرے جب خوب اچھی طرح جانتا ہو۔ مسلم ۲۲۹۶/۴

رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان دعا

۲۲۰۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان یہ دعا کرتے تھے۔

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔ ابوداؤد ۱۷۹/۲، احمد ۴۱۱/۳ شرح السنہ بغوی ۳۸/۷

صفا اور مروہ پر ٹھہرنے کی دعا

۱۱۲۲۔ جابر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کا بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم صفا کے قریب پہنچے تو یہ کہا

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ أَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللهُ بِهِ

صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں سے ہیں۔ میں اس سے ابتداء کرتا ہوں جس سے اللہ نے ابتداء کی ہے۔ چنانچہ آپ نے صفا سے ابتداء کی اس پر چڑھے یہاں تک کہ بیت اللہ کو دیکھ لیا تو آپ نے قبلہ کی طرف منہ کرلیا اور فرمایا:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ أَنْجَزَ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ»

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ملک ہے اور اسی کے

لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اکیلا ہے اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندے کی مدد کی اور اکیلے نے لشکروں کو شکست دی۔

پھر اس کے درمیان دعا کی۔ آپ نے تین مرتبہ اسی طرح کہا ساری حدیث لمبی ہے اور اس حدیث میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ نے مروہ پر بھی اسی طرح کہا۔

مسلم ۲/۸۸۸

یوم عرفہ (۹ ذوالحجہ) کو دعا

۲۲۲۔ سب سے بہتر دعا عرفہ کے دن کی دعا ہے اور سب سے بہتر کلمہ جو میں نے اور مجھ سے پہلے نبیوں نے کہا ہے یہ ہے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

ترمذی اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۸۴ البانی نے وہاں اسے حسن کہا ہے اور دیکھئے البانی کی الاحادیث الصحیحہ ۴/۶

مشعر حرام کے پاس ذکر

۲۲۳۔ جابرؓ نے فرمایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم قصواء (اونٹنی) پر سوار ہوئے یہاں تک کہ مشعر حرام میں

آئے قبلہ کی طرف منہ کیا۔ "اللہ سے دعا کی اسی کی تکبیر کہی اس کی تہلیل و توحید کی" (یعنی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الخ کہا) بہت روشنی ہونے تک وہیں ٹھہرے رہے پھر سورج نکلنے سے پہلے وہاں سے روانہ ہوئے۔ مسلم ۸۹۱/۲

جمروں کو کنکر مارتے وقت ہر کنکر کے ساتھ تکبیر

۲۲۴۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تینوں جمروں کے پاس جب بھی کنکر پھینکتے "اللہ اکبر" کہتے پھر آگے بڑھ جاتے اور ٹھہر کر قبلہ رخ ہو کر ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے۔ آپ پہلے جمرہ اور دوسرے جمرہ کے بعد اس

طرح کرتے البتہ جمرہ عقبہ پر کنکر پھینکتے اور ہر کنکر کے ساتھ اللہ اکبر کہتے۔ اس کے بعد پلٹ آتے اور اس کے پاس ٹھہرتے نہیں تھے۔

بخاری مع الفتح ۳/ ۵۸۳ اور ۳/ ۵۸۴ اور بخاری مع الفتح ۳/ ۵۸۱۔ مسلم نے بھی اسے روایت کیا ہے۔

حجر اسود والے کونے پر تکبیر

۲۲۵۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کا طواف اونٹ پر بیٹھ کر کیا۔ جب آپ حجر اسود والے کونے پر آتے تو اس کے پاس اس کی طرف کسی چیز سے اشارہ کرتے اور فرماتے "اللہ اکبر"

بخاری مع الفتح ۳/ ۴۷۶ کسی چیز سے مراد چھڑی ہے دیکھئے بخاری مع الفتح ۳/ ۴۷۲

دشمن کے لئے بددعا

۲۲۶۔ اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ سَرِيعَ الْحِسَابِ اِهْزِمِ الْأَحْزَابَ اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ

اے اللہ اے کتاب اتارنے والے جلدی حساب لینے والے ان جماعتوں کو شکست دے۔ اے اللہ انہیں شکست دے اور انہیں سخت ہلا دے۔ مسلم ۳/۱۳۶۳

کسی قوم سے ڈرتا ہو تو کیا کہے

۲۲۷۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِمَا شِئْتَ

اے اللہ مجھے ان سے کافی ہو جا جس چیز کے ساتھ تو چاہے۔ مسلم ۴/۲۳۰۰

تعجب کے وقت اور خوش کن کام کے وقت دعا

۲۲۸۔ (۱) سُبْحَانَ اللهِ! اللہ پاک ہے

بخاری مع الفتح ۱/۲۱۰ و ۳۹۰ و ۴۱۴ مسلم ۴/۱۸۵۷

۲۲۹۔ (۲) اَللهُ أَكْبَرُ اللہ سب سے بڑا ہے

بخاری مع الفتح ۸/۴۴۱ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۲/۱۰۳ و ۲/۲۳۵ مسند احمد ۵/۲۱۸

جس کے پاس خوش کرنے والی خبر آئے کیا کرے

۲۳۰۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کسی ایسی بات

(کی خبر) آتی جس سے آپ کو خوشی ہوتی تو اللہ کا شکر ادا کرنے کے لئے سجدے میں گر جاتے۔

ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ۔ دیکھئے صحیح ابن ماجہ ۱/ ۲۳۳ وارواء الغلیل ۲/۲۲۶

جو شخص اپنے جسم میں درد محسوس کرے وہ کیا کرے اور کیا کہے

۲۳۱۔ اپنا ہاتھ جسم کے اس حصے پر رکھو جسے تکلیف ہے پھر کہو۔

بِسْمِ اللهِ، تین دفعہ

اور سات مرتبہ یہ کہو:

أَعُوذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ

میں اللہ تعالٰی کی عزت اور قدرت کی پناہ پکڑتا ہوں اس چیز کے شر سے جو میں پاتا ہوں اور جس سے ڈرتا ہوں۔ مسلم ۴/۱۷۲۸

جو کسی چیز کو اپنی نظر لگ جانے سے ڈرے وہ کیا کہے

۲۳۲۔ تم میں سے کوئی شخص جب اپنے بھائی یا اپنی ذات یا اپنے مال میں سے کوئی ایسی چیز دیکھے جو اسے اچھی لگے تو اس کے لئے برکت کی دعا کرے کیونکہ نظر (لگ جانا) حق ہے۔

احمد ۴/۴۴۷ ابن ماجہ' مالک اور دیکھئے صحیح الجامع ۱/ ۲۱۲ اور زادالمعاد محقق ۴/۱۷۰

ضمیمہ

جس میں مختلف نیکیاں اور جامع آداب ذکر کئے گئے ہیں

۲۳۳۔ جب رات کا اندھیرا چھا جائے یا فرمایا کہ جب شام ہو جائے تو اپنے بچوں کو روک لو کیونکہ شیطان اس وقت پھیلتے ہیں جب رات کا کچھ حصہ چلا جائے تو انہیں چھوڑ دو اور دروازے بند کر دو اور اللہ کا نام لو (بسم اللہ پڑھ کر بند کرو) کیونکہ شیطان دروازہ نہیں کھولتا اور اپنے مشکیزوں کے منہ تسمے سے بند کر دو اور اللہ کا نام لو یعنی بسم اللہ پڑھو اور اپنے برتن ڈھانک دو اور اللہ کا نام لو یعنی بسم اللہ پڑھو خواہ ان پر کوئی چیز ہی رکھ دو۔ اور اپنے چراغ بجھا دو۔

بخاری مع الفتح ۱۰/۸۸ مسلم ۳/۱۵۹۵

محرم حج یا عمرہ میں لبیک کس طرح کہے

۲۳۴۔ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ، وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ

حاضر ہوں اے اللہ حاضر ہوں۔ میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں۔ بلاشبہ تعریف اور نعمت تیرے ہی لئے ہے اور ملک (بھی تیرے ہی لئے ہے) تیرا کوئی شریک نہیں۔

بخاری مع الفتح ۳/۴۰۸ مسلم ۲/۸۴۱

گھبراہٹ کے وقت کیا کہے

۲۳۵- لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللهُ !

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

بخاری مع الفتح ۱۸۱/۶ مسلم ۲۲۰۸/۴

جب کافر کو چھینک آئے تو اسے کیا کہا جائے

۲۳۶- يَهْدِيكُمُ اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارے حال کو درست کرے۔ ترمذی ۸۲/۵ احمد ۴۰۰/۴ ابوداؤد ۳۰۸/۴ اور دیکھئے صحیح الترمذی ۳۵۴/۲

کافر سلام کہے تو اسے کس طرح جواب دے

۲۳۷۔ جب اہل کتاب تمہیں سلام کہیں تو جواب میں کہو وَعَلَيْكُمْ بخاری مع الفتح ۴۲/۱۱ مسلم ۱۷۰۵/۴

روزے دار سے کوئی شخص گالی گلوچ کرے تو کیا کہے

۲۳۸۔ إِنِّي صَائِمٌ إِنِّي صَائِمٌ

میں روزہ دار ہوں میں روزہ دار ہوں۔

بخاری مع الفتح ۱۰۳/۴، مسلم ۸۰۶/۲

ذبح یا نحر کرتے وقت کیا کہے

۲۳۹۔ بِسْمِ اللهِ وَاللهُ أَكْبَرُ [اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ] اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّيْ۔

اللہ کے نام کے ساتھ (ذبح کرتا ہوں) اور اللہ سب سے بڑا ہے اے اللہ (یہ قربانی) تجھ سے ہے اور تیرے ہی لئے ہے اے اللہ مجھ سے قبول فرما۔

مسلم ۳/۱۵۵۷، بیہقی ۹/۲۸۷ قوسین کے درمیان والے لفظ بیہقی وغیرہ کے ہیں اور آخری جملہ میں نے مسلم کی روایت سے بالمعنی نقل کیا ہے۔

سرکش شیطانوں کی خفیہ تدبیروں کے توڑ کے لئے کیا کہے

۲۴۰- أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، وَبَرَأَ وَذَرَأَ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ

فِيهَا، وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا، وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ

میں اللہ کے مکمل کلمات کی پناہ پکڑتا ہوں جس سے کوئی نیک اور کوئی بد آگے نہیں گزر سکتا ہر اس چیز کے شر سے جسے اس نے گھڑا اور پیدا کیا اور ہر اس چیز کے شر سے جو آسمان سے نازل ہوتی ہے اور جو آسمان کی طرف چڑھتی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے زمین میں پھیلائی اور اس کے شر سے جو اس سے نکلتی ہے اور رات اور دن کے فتنوں سے اور ہر رات کو آنے والے کے شر سے سوائے اس رات کو آنے والے کے جو خیر کے ساتھ آئے اے نہایت رحم کرنے والے۔

احمد ۳/۴۱۹ .سند صحیح' ابن السنی حدیث نمبر ۶۳۷ اور

دیکھئے مجمع الزوائد ۱۰/۲۰۷ اور طحاویہ کی تخریج للارنؤوط ۱۳۳

استغفار اور توبہ

۲۴۱۔ (۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم میں دن میں ستر سے زیادہ مرتبہ اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور اس کی طرف توبہ کرتا ہوں۔

بخاری مع الفتح ۱۱/۱۰۱

۲۴۲۔ (۲) اور آپ نے فرمایا اے لوگو اللہ کی طرف توبہ کرو پس بیشک میں ایک دن میں اس کی طرف سو مرتبہ توبہ کرتا ہوں۔ مسلم ۴/۲۰۷۶

۲۴۳۔ (۳) اور آپ نے فرمایا جو شخص یہ کلمات کہے اللہ تعالیٰ اسے بخش دیتا ہے خواہ لڑائی سے بھاگا ہو۔

أَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ

میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں جس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں اسی کی طرف توبہ کرتا ہوں۔ ابوداؤد ۲/۸۵' ترمذی ۵/۵۶۹ حاکم اور اس نے اسے صحیح کہا اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ۱/۵۱۱ اور البانی نے اسے صحیح کہا دیکھئے صحیح الترمذی ۳/۱۸۲ جامع الاصول لاحادیث الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ۴/۳۸۹-۳۹۰ بتحقیق الارنؤوط

۲۴۴۔ (۴) اور آپ نے فرمایا۔ پروردگار بندے کے سب سے قریب رات کے آخری حصے میں ہوتا ہے۔ اگر تم ان لوگوں میں شامل ہو سکو جو اس وقت اللہ کو یاد کرتے ہیں۔ تو ہو جاؤ۔

ترمذی' نسائی ۱/۲۷۹ حاکم اور دیکھئے صحیح الترمذی ۲/
۱۸۳ اور جامع الاصول بتحقیق الارنؤوط ۴/ ۱۴۴

۲۴۵- (۵) اور آپ نے فرمایا بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب سجدے کی حالت میں ہوتا ہے۔ تو کثرت سے دعا کرو۔ مسلم ۱/ ۳۵۰

۲۴۶- (۶) اغرمزنی بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے دل پر پردہ سا آجاتا ہے اور میں اللہ سے دن میں سو مرتبہ بخشش مانگتا ہوں۔

مسلم ۴/ ۲۰۷۵- ابن الاثیر نے فرمایا۔ پردہ سا آنے سے مراد سہو (بھول) ہے کیونکہ آپ ہمیشہ زیادہ سے زیادہ ذکر' قربت اور مراقبہ میں رہتے جب بعض اوقات ان میں کسی چیز سے کچھ غفلت ہو جاتی یا آپ بھول جاتے تو اسے

اپنا گناہ شمار کرتے اور استغفار کی پناہ لیتے دیکھیے جامع الاصول ۳۸۶/۴

سبحان اللہ والحمدللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہنے کی چند فضیلتیں

۱- ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی دن میں سو مرتبہ یہ کلمہ کہے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

تو یہ کلمہ اس کے لئے دس گردنوں کے (آزاد کرنے

کے) برابر ہو گا اور اس کے لئے سو نیکیاں لکھی جائیں گی اور اس سے سو برائیاں مٹائی جائیں گی۔ اور یہ کلمہ اس کے لئے شام ہونے تک سارا دن بچاؤ کا ذریعہ بنا رہے گا اور کوئی اس کے عمل سے افضل عمل لے کر پاس نہیں آئے گا سوائے اس شخص کے جس نے اس سے زیادہ عمل کیا ہو۔

بخاری ۴/۹۵ مسلم ۴/۲۰۷۱

۲۔ اور جو شخص سبحان اللہ وبحمدہ (پاک ہے اللہ اور اپنی تعریف کے ساتھ) ایک دن میں سو مرتبہ کہے اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں خواہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ بخاری ۷/۱۶۸ مسلم ۴/۲۰۷۱

۳۔ ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سو مرتبہ صبح کے وقت اور سو مرتبہ شام کے وقت کہے سُبْحَانَ اللهُ وَبِحَمْدِہٖ

پاک ہے اللہ عظمت والا اور اپنی حمد کے ساتھ

قیامت کے دن کوئی شخص اس کے عمل سے افضل لے کر نہیں آئے گا سوائے اس شخص کے جس نے اس کے برابر یا اس سے زیادہ مرتبہ کہا ہو۔ مسلم ۴/۲۰۷۱

۴۔ ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان فرماتے ہیں کہ جس شخص نے دس مرتبہ یہ کلمہ پڑھا وہ اس شخص کی طرح ہو گا جس نے اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے چار جانیں آزاد کیں۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ

اَلْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ملک اور اسی کے لئے حمد ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے۔
بخاری ۷/۶۷ مسلم بلفظہ ۴/۲۰۷۱

۵۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو کلمے زبان پر ہلکے ہیں میزان میں بھاری ہیں رحمان کو محبوب ہیں۔
سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ

پاک ہے اللہ اور اپنی حمد کے ساتھ پاک ہے اللہ عظمت والا۔ بخاری ۷/۱۶۸ مسلم ۴/۲۰۷۲

۶۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں یہ کلمے کہوں تو مجھے اس چیز سے زیادہ محبوب ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے (یعنی یہ کلمات کہنا تمام دنیا سے زیادہ محبوب ہے)

سُبْحَانَ اللهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَاللهُ أَكْبَرُ

مسلم ۴/۲۰۷۲

۷۔ سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے تو آپ نے

فرمایا کیا تم میں سے کوئی اس سے بھی عاجز ہے کہ ہر روز ایک ہزار نیکی کمائے؟ آپ کے پاس بیٹھے ہوئے ساتھیوں میں سے ایک نے کہا ہم میں سے کوئی ہزار نیکی کیسے کما سکتا ہے؟ فرمایا سو دفعہ تسبیح کہے تو اس کے لئے ہزار نیکی لکھی جائے گی۔ یا اس سے ہزار گناہ گرا دیا جائے گا۔ مسلم ۲۰۷۳/۴

۸۔ جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ کلمہ کہے اس کے لئے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا جاتا ہے

سُبْحَانَ اللهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَاللهُ أَكْبَرُ،

ترمذی ۵۱۱/۵ حاکم ۵۰۱/۱ حاکم نے صحیح کہا اور ذہبی نے

اس کی موافقت کی اور دیکھئے صحیح الجامع ۵/۳۱ ۵ اور صحیح الترمذی ۳/۱۶۰

۹۔ عبداللہ بن قیس (ابو موسی اشعری) فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبداللہ بن قیس! میں تجھے جنت کے خزانے میں سے ایک خزانہ نہ بتاؤں؟ میں نے کہا یارسول اللہ! کیوں نہیں! فرمایا کہو

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ

نہیں کوئی طاقت اور نہ قوت مگر اللہ کی مدد کے ساتھ۔

بخاری مع الفتح ۱۱/۲۱۳ مسلم ۴/۲۰۷۶

۱۰۔ اللہ تعالٰی کو سب سے محبوب کلام چار کلمات ہیں۔

سبحان اللہ والحمدللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر

ان میں سے جس سے ابتدا کر لو تمہیں کوئی نقصان نہیں۔ اور اپنے غلام کا نام یسار نہ رکھو نہ رباح نہ نجیح اور نہ ہی افلح۔ کیونکہ تم کہو گے کیا وہ یہاں ہے تو وہ وہاں نہیں ہو گا تو کہے گا نہیں۔ مسلم ۲/۱۶۸۵

۱۱۔ سعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں کہ ایک اعرابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا کہنے لگا مجھے کچھ کلام سکھایئے جو میں کہوں فرمایا کہو:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، اَللّٰهُ أَكْبَر كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ

اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اکیلا ہے اس

کا کوئی شریک نہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے بہت بڑا
اور تمام تعریف اللہ کے لئے ہے بہت زیادہ اللہ پاک
ہے جو جہانوں کا رب ہے کوئی طاقت نہیں اور نہ کوئی
ہے مگر اللہ کی مدد کے ساتھ جو غالب حکمت والا
ہے۔

اعرابی نے کہا یہ تو میرے رب کے لئے ہوئے تو
میرے لئے کیا ہے؟ فرمایا تم کہو:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاهْدِنِي وَارْزُقْنِيْ

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر اور مجھے
ہدایت دے اور مجھے رزق دے۔

مسلم ۴/۲۰۷۲ اور ابوداوٗد نے یہ الفاظ زائد بیان کئے

ہیں کہ جب اعرابی واپس مڑا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "یقیناً اس آدمی نے اپنے دونوں ہاتھ خیر سے بھر لئے ۱/۲۲۰

۱۶۱۔ طارق اشجعی فرماتے ہیں کہ آدمی جب مسلمان ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسے نماز سکھاتے پھر اسے ان کلمات کے ساتھ دعا کرنے کا حکم دیتے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاھْدِنِيْ، وَعَافِنِي وَارْزُقْنِيْ

اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر اور مجھے ہدایت دے اور مجھے عافیت دے اور مجھے رزق دے۔ مسلم ۲۰۷۳/۴ اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ یہ کلمات تیرے لئے تیری دنیا اور آخرت جمع کر دیں گے۔

۱۳- جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے بہتر دعا الحمدللہ ہے اور سب سے بہتر ذکر لا الہ الا اللہ ہے- ترمذی ۵/۴۶۲ ابن ماجہ ۲/۱۲۴۹ حاکم ۱/۵۰۳ حاکم نے صحیح کہا ہے اور ذہبی نے اس کی موافقت کی ہے اور دیکھئے صحیح الجامع ۱/۳۶۲

۱۴- الباقیات الصالحات (باقی رہنے والے نیک عمل) یہ ہیں

سُبْحَانَ اللهِ،وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَاللهُ أَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ

احمد حدیث نمبر ۵۱۳ ترتیب احمد شاکر سند صحیح ہے اور

دیکھئے مجمع الزوائد۔ حافظ ابن حجر نے بلوغ المرام میں اسے ابوسعید کی روایت سے بحوالہ نسائی نقل کیا ہے اور فرمایا ہے کہ اسے ابن حبان اور حاکم نے صحیح کہا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم تسبیح کس طرح پڑھتے تھے

۱۵۔ عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا دائیں ہاتھ کے ساتھ تسبیح کی گرہ باندھتے تھے۔ یعنی دائیں ہاتھ کے ساتھ شمار کرتے تھے۔

ابوداؤد بالشد ۸۱/۲ ترمذی ۵۲۱/۵ اور دیکھئے صحیح الجامع ۴ /۲۷۱ حدیث نمبر ۴۸۶۵

وَصَلَّى اللّٰهُ وَسَلَّمَ وَبَارَكَ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ۔

چند قرآنی دعائیں

١ - ﴿ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ ٱلْخَٰسِرِينَ ﴾ .[١]

٢ - ﴿ رَبِّ إِنِّيٓ أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِي بِهِۦ عِلْمٌۖ وَإِلَّا تَغْفِرْ لِي وَتَرْحَمْنِيٓ أَكُن مِّنَ ٱلْخَٰسِرِينَ ﴾ .[٢]

٣ - ﴿ رَّبِّ ٱغْفِرْ لِي وَلِوَٰلِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ

---

(١) سورة الأعراف، الآية : ٢٣ .

(٢) سورة هود، الآية : ٤٧ .

بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ﴾ .[١]

٤- ﴿ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴾

﴿ وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴾ .[٢]

٥- ﴿ رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلَاةِ وَمِن ذُرِّيَّتِي رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ ﴾ .[٣]

٦- ﴿ رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ﴾ .[٤]

---

(١) سورة نوح، الآية: ٢٨ .

(٢) سورة البقرة، الآيتان: ١٢٧، ١٢٨ .

(٣) سورة إبراهيم، الآية: ٤٠ .

(٤) سورة إبراهيم، الآية: ٤١ .

٧- ﴿ رَبِّ هَبْ لِى حُكْمًا وَأَلْحِقْنِى بِٱلصَّٰلِحِينَ ۞ وَٱجْعَل لِّى لِسَانَ صِدْقٍ فِى ٱلْءَاخِرِينَ ۞ وَٱجْعَلْنِى مِن وَرَثَةِ جَنَّةِ ٱلنَّعِيمِ ﴾ ﴿ وَلَا تُخْزِنِى يَوْمَ يُبْعَثُونَ ﴾ .[١]

٨- ﴿ رَبِّ هَبْ لِى مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ﴾ .[٢]

٩- ﴿ رَّبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ ٱلْمَصِيرُ ﴾ .[٣]

١٠- ﴿ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا۟ وَٱغْفِرْ لَنَا رَبَّنَآ ۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ ﴾ .[٤]

---

(١) سورة الشعراء، الآيات : ٨٣-٨٥، ٨٧ .

(٢) سورة الصافات، الآية : ١٠٠ .

(٣) سورة الممتحنة، الآية : ٤ .

(٤) سورة الممتحنة، الآية : ٥ .

١١ - ﴿ رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ ٱلَّتِيٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَٰلِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَٰلِحًا تَرْضَىٰهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ ٱلصَّٰلِحِينَ ﴾ .(١)

١٢ - ﴿ رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ ٱلدُّعَآءِ ﴾ .(٢)

١٣ - ﴿ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ ٱلْوَٰرِثِينَ ﴾ .(٣)

١٤ - ﴿ لَّآ إِلَٰهَ إِلَّآ أَنتَ سُبْحَٰنَكَ إِنِّي

---

(١) سورة النمل، الآية : ١٩ .

(٢) سورة آل عمران، الآية : ٣٨ .

(٣) سورة الأنبياء، الآية : ٨٩ .

كُنتُ مِنَ ٱلظَّـٰلِمِينَ ﴾ . (١)

١٥ - ﴿ رَبِّ ٱشْرَحْ لِى صَدْرِى ۞ وَيَسِّرْ لِىٓ أَمْرِى ۞ وَٱحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِى ۞ يَفْقَهُوا۟ قَوْلِى ﴾ (٢)

١٦ - ﴿ رَبِّ إِنِّى ظَلَمْتُ نَفْسِى فَٱغْفِرْ لِى ﴾ . (٣)

١٧ - ﴿ رَبَّنَآ ءَامَنَّا بِمَآ أَنزَلْتَ وَٱتَّبَعْنَا ٱلرَّسُولَ فَٱكْتُبْنَا مَعَ ٱلشَّـٰهِدِينَ ﴾ . (٤)

١٨ - ﴿ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ

---

(١) سورة الأنبياء، الآية: ٨٧.

(٢) سورة طه، الآيات: ٢٥-٢٨

(٣) سورة القصص، الآية: ١٦.

(٤) سورة آل عمران، الآية: ٥٣.

ٱلظَّٰلِمِينَ ۞ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ ٱلْقَوْمِ ٱلْكَٰفِرِينَ ﴾ .(١)

١٩ - ﴿ رَبَّنَا ٱغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِيٓ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَٱنصُرْنَا عَلَى ٱلْقَوْمِ ٱلْكَٰفِرِينَ ﴾ .(٢)

٢٠ - ﴿ رَبَّنَآ ءَاتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا ﴾ .(٣)

٢١ - ﴿ رَّبِّ زِدْنِي عِلْمًا ﴾ .(٤)

٢٢ - ﴿ رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَٰتِ ٱلشَّيَٰطِينِ

---

(١) سورة يونس، الآيتان: ٨٥، ٨٦ .

(٢) سورة آل عمران، الآية: ١٤٧ .

(٣) سورة الكهف، الآية: ١٠ .

(٤) سورة طه، الآية: ١١٤ .

* وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن يَحْضُرُونِ ﴾ [١] .

٢٣- ﴿ رَّبِّ ٱغْفِرْ وَٱرْحَمْ وانتَ خَ ينَ ﴾ [٢]

٢٤- ﴿ رَبَّنَآ ءَاتِنَا فِى ٱلدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِى ٱلْأَخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ ﴾ [٣] .

٢٥- ﴿ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ ٱلْمَصِيرُ ﴾ [٤] .

٢٦- ﴿ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ إِن نَّسِينَآ أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُۥ عَلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا

---

(١) سورة المؤمنون، الآيتان: ٩٧-٩٨ .

(٢) سورة المؤمنون، الآية: ١١٨ .

(٣) سورة البقرة، الآية: ٢٠١ .

(٤) سورة البقرة، الآية: ٢٨٥ .

مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِۦ ۖ وَٱعْفُ عَنَّا وَٱغْفِرْ لَنَا وَٱرْحَمْنَآ ۚ أَنتَ مَوْلَىٰنَا فَٱنصُرْنَا عَلَى ٱلْقَوْمِ ٱلْكَٰفِرِينَ ﴾ .(١)

٢٧ - ﴿ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنتَ ٱلْوَهَّابُ ﴾ .(٢)

٢٨ - ﴿ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَٰذَا بَٰطِلًا سُبْحَٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ ۞ رَبَّنَآ إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ ٱلنَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُۥ ۖ وَمَا لِلظَّٰلِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ ۞ رَّبَّنَآ إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِى لِلْإِيمَٰنِ أَنْ ءَامِنُوا۟ بِرَبِّكُمْ فَـَٔامَنَّا ۚ رَبَّنَا فَٱغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا

---

(١) سورة البقرة، الآية : ٢٨٦

(٢) سورة آل عمران، الآية : ٨ .

وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ ٱلْأَبْرَارِ ❁ رَبَّنَا وَءَاتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ ٱلْمِيعَادَ﴾ .[١]

٢٩- ﴿ رَبَّنَآ ءَامَنَّا فَٱغْفِرْ لَنَا وَٱرْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ ٱلرَّٰحِمِينَ﴾ .[٢]

٣٠- ﴿ رَبَّنَا ٱصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ❁ إِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا﴾ .[٣]

٣١- ﴿ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَٰجِنَا وَذُرِّيَّٰتِنَا

---

(١) سورة آل عمران، الآيات: ١٩١-١٩٤ .

(٢) سورة المؤمنون، الآية: ١٠٩ .

(٣) سورة الفرقان، الآيتان: ٦٥، ٦٦ .

قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَٱجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ﴾ .[١]

٣٢- ﴿ رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ ٱلَّتِيٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَٰلِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَٰلِحًا تَرْضَىٰهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِيٓ إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ ٱلْمُسْلِمِينَ ﴾ .[٢]

٣٣- ﴿ رَبَّنَا ٱغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَٰنِنَا ٱلَّذِينَ سَبَقُونَا بِٱلْإِيمَٰنِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ رَبَّنَآ إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴾ .[٣]

٣٤- ﴿ رَبَّنَآ أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَٱغْفِرْ لَنَآ

---

(١) سورة الفرقان، الآية: ٧٤ .

(٢) سورة الأحقاف، الآية: ١٥ .

(٣) سورة الحشر، الآية: ١٠ .

إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴾ .[١]

٣٥- ﴿ رَبَّنَآ إِنَّنَآ ءَامَنَّا فَٱغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ ﴾ .[٢]

٣٦- ﴿ رَبَّنَآ ءَامَنَّا فَٱكْتُبْنَا مَعَ ٱلشَّٰهِدِينَ ﴾ .[٣]

٣٧- ﴿ رَبِّ ٱجْعَلْ هَٰذَا ٱلْبَلَدَ ءَامِنًا وَٱجْنُبْنِى وَبَنِىَّ أَن نَّعْبُدَ ٱلْأَصْنَامَ ﴾ .[٤]

٣٨- ﴿ رَبِّ إِنِّى لِمَآ أَنزَلْتَ إِلَىَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ﴾ .[٥]

---

(١) سورة التحريم، الآية: ٨.
(٢) سورة آل عمران، الآية: ١٦.
(٣) سورة المائدة، الآية: ٨٣.
(٤) سورة إبراهيم، الآية: ٣٥.
(٥) سورة القصص، الآية: ٢٤.

٣٩- ﴿ رَبِّ ٱنصُرْنِي عَلَى ٱلْقَوْمِ ٱلْمُفْسِدِينَ﴾ .[١]

٤٠ - ﴿ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ ٱلْقَوْمِ ٱلظَّٰلِمِينَ﴾ .[٢]

٤١ - ﴿ حَسْبِيَ ٱللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ ٱلْعَرْشِ ٱلْعَظِيمِ﴾ .[٣]

٤٢ - ﴿ عَسَىٰ رَبِّيٓ أَن يَهْدِيَنِي سَوَآءَ ٱلسَّبِيلِ﴾ .[٤]

٤٣ - ﴿ رَبِّ نَجِّنِي مِنَ ٱلْقَوْمِ ٱلظَّٰلِمِينَ﴾ .[٥]

---

(١) سورة العنكبوت، الآية ٣٠
(٢) سورة الأعراف، الآية ٤٧
(٣) سورة التوبة، الآية ١٢٩
(٤) سورة القصص، الآية ٢٢
(٥) سورة القصص، الآية ٢١

فہرست

للطباعة والتغليف
هاتف 2650020 فاكس 2652876